أَعـوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْـطانِ الرَّجيـم

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربنا تقبل منا، انک انت هو السمیع العلیم

میں قرآن کو سمجھتا ہوں اور اس کا فہم بتا سکتا ہوں

Topic # 4-05
Stories of Prohets AS / Perished (After Adam AS)

I understand Quran and I can inform the meaning of Quran

Sir M. Ameen Sb (Islamabad); 2020-03-16;
Fehme-Quran - 50 Hours

Topic # 4-05
CHAPTER # 5

انباءالرسلؑ\المغضوب(آدمؑ کے بعد)

(مغضوب امتیں: حضرت نوحؑ، حضرت ھودؑ، حضرت صالحؑ، حضرت لوطؑ، حضرت شعیبؑ)

Stories of Prophet AS / The Perished (After Adam AS)

Condemned Nations (Al-Maghdhoob) [Prophet Nooh (AS), Prophet Hood (AS), Prophet Saleh (AS), Prophet Loot (AS), Prophet Shoaib (AS)]

i. نہ یہ فقہ ہے، اور نہ ہی یہ تفسیر ہے؛ یہ صرف مفہوم ہے، قرآن کو سمجھنے کے لیے!

Topic # 4-05

CHAPTER # 5

انباءالرسلؑ\المغضوب(آدمؑ کے بعد)

(مغضوب امتیں: حضرت نوحؑ، حضرت ھودؑ، حضرت صالحؑ، حضرت لوطؑ، حضرت شعیبؑ)

Stories of Prophet AS / The Perished (After Adam AS)

Condemned Nations (Al-Maghdhoob) [Prophet Nooh (AS), Prophet Hood (AS), Prophet Saleh (AS), Prophet Loot (AS), Prophet Shoaib (AS)]

(A) INDEX:

The Perished	المغضوب
1. Al-Qamar (54) : 1+→ 55	القمر(54) : 1 +← 55
2. Al-Hood (11) : 25+→ 120/end	الھود(11) : 25 +← 120 /آخر
3. Al-Aaraaf (7) : 59 +→ 87 / end	الاعراف (7): 59 +← 87 /آخر
4. As-Shams (91) : 1 +→ 15 / end	الشمس (91) : 1 +← آخر
5. Al-Fajar (89) : 1 +→ 29 / end	الفجر(89) : 1 +← آخر
6a. An-Najam (53) : 33 +→ 62 / end	النجم(53) : 33 +← آخر
6b. Al-Mominoon (23) : 23 +→ 30	المومنون (23) : 23 +← 30
7a. At-Taubah (9) : 70	التوبہ(9) : 70
7b. Ibrahim (14) : 9+→ 12	ابراہیم(14) : 9 +← 12
7c. As-Shuara (26) : 105+→ 227	الشعرا(26) : 105 +← 227
8. Al-Hood (11) : 120	الھود (11) : 120
9. Al-Hood (11) : Next	الھود (11)
9-1. Al-Hood (11) : 25 → Nuh AS	الھود (11) : 25 ← نوحؑ
9-2. Al-Hood (11) : 50 → Hud AS	الھود(11) : 50 ← ہودؑ
9-3. Al-Hood (11) : 61 → Saleh AS	الھود (11) : 61 ← صالحؑ
9-4. Al-Hood (11) : 69 → Ibrahim AS	الھود (11) : 69 ← ابراہیمؑ

9-5. Al-Hood (11) : 77 → Loot AS	الھود(11) : 77 ← لوطؑ
9-6. Al-Hood (11) : 84 → Shoaib AS	الھود(11) : 84 ← شعیبؑ
9-7. Al-Hood (11) : 96 → Musa AS	الھود(11): 96 ← موسیٰؑ
10a. Al-Mominoon (23) : 30+→ 33	المومنون(23) : 30+← 33
10b. Al-Mominoon (23) : 34+→ 49	المومنون (23) : 34 +← 49
10c. Al-Qamar (54) : 41+→ 42	القمر- (54) : 41, 42
11. Conclusion	ماخذ
11a. As-Shoora (42) : 13	الشوریٰ (42) : 13
11b. Al-Hajj (22) : 67+→ 71	الحج(22) : 67 +← 71

(B) AYATS:

Theme:

Hood (11) : 120

وَ كُلًّا نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَاءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ وَ جَاءَكَ فِي هَذِهِ الْحَقُّ وَ مَوْعِظَةٌ وَ ذِكْرَى لِلْمُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] اور اے محمدؐ، یہ پیغمبروں کے قصے جو ہم تمہیں سناتے ہیں، وہ چیزیں ہیں جن کے ذریعے سے ہم تمہارے دل کو مضبوط کرتے ہیں ان کے اندر تم کو حقیقت کا علم ملا اور ایمان لانے والوں کو نصیحت اور بیداری نصیب ہوئی

1. Al-Qamar (54) : 1+ → 55

◙ Al-Qamar (54) : 1

اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَ انْشَقَّ الْقَمَرُ

[ترجمہ:] قیامت کی گھڑی قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا

◙ Al-Qamar (54) : 2

وَ إِنْ يَرَوْا آيَةً يُعْرِضُوا وَ يَقُولُوا سِحْرٌ مُسْتَمِرٌّ

[ترجمہ:] مگر اِن لوگوں کا حال یہ ہے کہ خواہ کوئی نشانی دیکھ لیں منہ موڑ جاتے ہیں اور کہتے ہیں یہ تو چلتا ہوا جادو ہے

◙ Al-Qamar (54) : 3

وَ كَذَّبُوا وَ اتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُمْ ۚ وَ كُلُّ أَمْرٍ مُسْتَقِرٌّ

[ترجمہ:] انہوں نے (اس کو بھی) جھٹلا دیا اور اپنی خواہشات نفس ہی کی پیروی کی ہر معاملہ کو آخر کار ایک انجام پر پہنچ کر رہنا ہے

◙ Al-Qamar (54) : 4

وَ لَقَدْ جَاءَهُمْ مِنَ الْأَنْبَاءِ مَا فِيهِ مُزْدَجَرٌ

[ترجمہ:] ان لوگوں کے سامنے (پچھلی قوموں کے) وہ حالات آچکے ہیں جن میں سرکشی سے باز رکھنے کے لیے کافی سامان عبرت ہے

◙ Al-Qamar (54) : 5

حِكْمَةٌ بَالِغَةٌ ۖ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ

[ترجمہ:] اور ایسی حکمت جو نصیحت کے مقصد کو بدرجہ اتم پورا کرتی ہے مگر تنبیہات اِن پر کار گر نہیں ہوتیں

Al-Qamar (54) : 6

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ إِلَىٰ شَيْءٍ نُكُرٍ

[ترجمہ:] پس اے نبیؐ، اِن سے رخ پھیر لو، جس روز پکارنے والا ایک سخت ناگوار چیز کی طرف پکارے گا

Al-Qamar (54) : 7

خُشَّعًا أَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ مُنْتَشِرٌ

[ترجمہ:] لوگ سہمی ہوئی نگاہوں کے ساتھ اپنی قبروں سے اِس طرح نکلیں گے گویا وہ بکھری ہوئی ٹڈیاں ہیں

Al-Qamar (54) : 8

مُهْطِعِينَ إِلَى الدَّاعِ ۖ يَقُولُ الْكَافِرُونَ هَٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ

[ترجمہ:] پکارنے والے کی طرف دوڑے جا رہے ہوں گے، اور وہی منکرین ~~(جو دنیا میں اس کا انکار کرتے تھے)~~ اُس وقت کہیں گے کہ یہ دن تو بڑا کٹھن ہے

Al-Qamar (54) : 9

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ فَكَذَّبُوا عَبْدَنَا وَ قَالُوا مَجْنُونٌ وَ ازْدُجِرَ

[ترجمہ:] ان سے پہلے نوحؑ کی قوم جھٹلا چکی ہے اُنہوں نے ہمارے بندے کو جھوٹا قرار دیا اور کہا کہ یہ دیوانہ ہے، اور وہ بری طرح جھڑکا گیا

Al-Qamar (54) : 10

فَدَعَا رَبَّهُ أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ

[ترجمہ:] آخر کار اُس نے اپنے رب کو پکارا کہ "میں مغلوب ہو چکا، اب تو اِن سے انتقام لے"

Al-Qamar (54) : 11

فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُنْهَمِرٍ

[ترجمہ:] تب ہم نے موسلا دھار بارش سے آسمان کے دروازے کھول دیے اور زمین کو پھاڑ کر چشموں میں تبدیل کر دیا۔

Al-Qamar (54) : 12

وَ فَجَّرْنَا الْأَرْضَ عُيُونًا فَالْتَقَى الْمَاءُ عَلَىٰ أَمْرٍ قَدْ قُدِرَ

[ترجمہ:] اور یہ سارا پانی اُس کام کو پورا کرنے لیے مل گیا جو مقدر ہو چکا تھا

Al-Qamar (54) : 13

وَ حَمَلْنَاهُ عَلَىٰ ذَاتِ أَلْوَاحٍ وَ دُسُرٍ

[ترجمہ:] اور نوحؑ کو ہم نے ایک تختوں اور کیلوں والی پر سوار کر دیا

Al-Qamar (54) : 14

تَجْرِي بِأَعْيُنِنَا جَزَاءً لِمَنْ كَانَ كُفِرَ

[ترجمہ:] جو ہماری نگرانی میں چل رہی تھی یہ تھا بدلہ اُس شخص کی خاطر جس کی ناقدری کی گئی تھی

Al-Qamar (54) : 15

وَ لَقَدْ تَرَكْنَاهَا آيَةً فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ

[ترجمہ:] اُس کشتی کو ہم نے ایک نشانی بنا کر چھوڑ دیا، پھر کوئی ہے نصیحت قبول کرنے والا؟

Al-Qamar (54) : 16

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ

[ترجمہ:] دیکھ لو، کیسا تھا میرا عذاب اور کیسی تھیں میری تنبیہات

Al-Qamar (54) : 17

وَ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ

[ترجمہ:] ہم نے اِس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان ذریعہ بنا دیا ہے، پھر کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟

Al-Qamar (54) : 18

كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ

[ترجمہ:] عاد نے جھٹلایا، تو دیکھ لو کہ کیسا تھا میرا عذاب اور کیسی تھیں میری تنبیہات

Al-Qamar (54) : 19

إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُسْتَمِرٍّ

[ترجمہ:] ہم نے ایک پیہم نحوست کے دن سخت طوفانی ہوا اُن پر بھیج دی جو لوگوں کو اٹھا اٹھا کر اس طرح پھینک رہی تھی

Al-Qamar (54) : 20

تَنْزِعُ النَّاسَ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ مُنْقَعِرٍ

[ترجمہ:] جیسے وہ جڑ سے اکھڑے ہوئے کھجور کے تنے ہوں

Al-Qamar (54) : 21

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ

[ترجمہ:] پس دیکھ لو کہ کیسا تھا میرا عذاب اور کیسی تھیں میری تنبیہات

Al-Qamar (54) : 22

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ

[ترجمہ:] ہم نے اِس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان ذریعہ بنا دیا ہے، پھر کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟

Al-Qamar (54) : 23

كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِالنُّذُرِ

[ترجمہ:] ثمود نے تنبیہات کو جھٹلایا

Al-Qamar (54) : 24

فَقَالُوا أَبَشَرًا مِنَّا وَاحِدًا نَتَّبِعُهُ إِنَّا إِذًا لَفِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ

[ترجمہ:] اور کہنے لگے "ایک اکیلا آدمی جو ہم ہی میں سے ہے کیا اب ہم اُس کے پیچھے چلیں؟ اِس کا اتباع ہم قبول کر لیں تو اِس کے معنی یہ ہوں گے کہ ہم بہک گئے ہیں اور ہماری عقل ماری گئی ہے

Al-Qamar (54) : 25

أَأُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ أَشِرٌ

[ترجمہ:] کیا ہمارے درمیان بس یہی ایک شخص تھا جس پر خدا کا ذکر نازل کیا گیا؟ نہیں، بلکہ یہ پرلے درجے کا جھوٹا اور برخود غلط ہے"

Al-Qamar (54) : 26

سَيَعْلَمُونَ غَدًا مَنِ الْكَذَّابُ الْأَشِرُ

[ترجمہ:] (ہم نے اپنے پیغمبر سے کہا) "کل ہی اِنہیں معلوم ہوا جاتا ہے کہ کون پرلے درجے کا جھوٹا اور برخود غلط ہے

Al-Qamar (54) : 27

إِنَّا مُرْسِلُو النَّاقَةِ فِتْنَةً لَهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَ اصْطَبِرْ

[ترجمہ:] ہم اونٹنی کو اِن کے لیے فتنہ بنا کر بھیج رہے ہیں اب ذرا صبر کے ساتھ دیکھ کہ اِن کا کیا انجام ہوتا ہے

Al-Qamar (54) : 28

وَ نَبِّئْهُمْ أَنَّ الْمَاءَ قِسْمَةٌ بَيْنَهُمْ ۖ كُلُّ شِرْبٍ مُحْتَضَرٌ

[ترجمہ:] اِن کو جتا دے کہ پانی اِن کے اور اونٹنی کے درمیان تقسیم ہو گا اور ہر ایک اپنی باری کے دن پانی پر آئے گا"

Al-Qamar (54) : 29

فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَىٰ فَعَقَرَ

[ترجمہ:] آخر کار اُن لوگوں نے اپنے آدمی کو پکارا اور اُس نے اِس کام کا بیڑا اٹھایا اور اونٹنی کو مار ڈالا

Al-Qamar (54) : 30

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ

[ترجمہ:] پھر دیکھ لو کہ کیسا تھا میرا عذاب اور کیسی تھیں میری تنبیہات

Al-Qamar (54) : 31

إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ

[ترجمہ:] ہم نے اُن پر بس ایک ہی دھماکا چھوڑا اور وہ باڑے والے کی روندی ہوئی باڑھ کی طرح بھس ہو کر رہ گئے

Al-Qamar (54) : 32

وَ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ

[ترجمہ:] ہم نے اِس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان ذریعہ بنا دیا ہے، اب ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟

Al-Qamar (54) : 33

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ بِالنُّذُرِ

[ترجمہ:] لوطؑ کی قوم نے تنبیہات کو جھٹلایا

Al-Qamar (54) : 34

إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا إِلَّا آلَ لُوطٍ نَجَّيْنَاهُمْ بِسَحَرٍ

[ترجمہ:] اور ہم نے پتھراؤ کرنے والی ہوا اس پر بھیج دی صرف لوطؑ کے گھر والے اُس سے محفوظ رہے اُن کو ہم نے اپنے فضل سے رات کے پچھلے پہر بچا کر نکال دیا،

Al-Qamar (54) : 35

نِعْمَةً مِنْ عِنْدِنَا ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي مَنْ شَكَرَ

[ترجمہ:] یہ جزا دیتے ہیں ہم ہر اُس شخص کو جو شکر گزار ہوتا ہے

Al-Qamar (54) : 36

وَ لَقَدْ أَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ

[ترجمہ:] لوطؑ نے اپنی قوم کے لوگوں کو ہماری پکڑ سے خبردار کیا، مگر وہ ساری تنبیہات کو مشکوک سمجھ کر باتوں میں اڑاتے رہے

Al-Qamar (54) : 37

وَ لَقَدْ رَاوَدُوهُ عَنْ ضَيْفِهِ فَطَمَسْنَا أَعْيُنَهُمْ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ

[ترجمہ:] پھر انہوں نے اُسے اپنے مہمانوں کی حفاظت سے باز رکھنے کی کوشش کی آخر کار ہم نے اُن کی آنکھیں موند دیں کہ چکھو اب میرے عذاب اور میری تنبیہات کا مزا

Al-Qamar (54) : 38

وَ لَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُسْتَقِرٌّ

[ترجمہ:] صبح سویرے ہی ایک اٹل عذاب نے ان کو آلیا

Al-Qamar (54) : 39

فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ

[ترجمہ:] چکھو مزا اب میرے عذاب کا اور میری تنبیہات کا

Al-Qamar (54) : 40

وَ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ

[ترجمہ:] ہم نے اِس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان ذریعہ بنا دیا ہے، پس ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟

Al-Qamar (54) : 41

وَ لَقَدْ جَاءَ آلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ

[ترجمہ:] اور آل فرعون کے پاس بھی تنبیہات آئی تھیں

Al-Qamar (54) : 42

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كُلِّهَا فَأَخَذْنَاهُمْ أَخْذَ عَزِيزٍ مُقْتَدِرٍ

[ترجمہ:] مگر انہوں نے ہماری ساری نشانیوں کو جھٹلا دیا آخر کو ہم نے انہیں پکڑا جس طرح کوئی زبردست قدرت والا پکڑتا ہے

Al-Qamar (54) : 43

أَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِنْ أُولَٰئِكُمْ أَمْ لَكُمْ بَرَاءَةٌ فِي الزُّبُرِ

[ترجمہ:] کیا تمہارے کفار کچھ اُن لوگوں سے بہتر ہیں؟ یا آسمانی کتابوں میں تمہارے لیے کوئی معافی لکھی ہوئی ہے؟

Al-Qamar (54) : 44

أَمْ يَقُولُونَ نَحْنُ جَمِيعٌ مُنْتَصِرٌ

[ترجمہ:] یا اِن لوگوں کا کہنا یہ ہے کہ ہم ایک مضبوط جتھا ہیں، اپنا بچاؤ کر لیں گے؟

Al-Qamar (54) : 45

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَ يُوَلُّونَ الدُّبُرَ

[ترجمہ:] عنقریب یہ جتھا شکست کھا جائے گا اور یہ سب پیٹھ پھیر کر بھاگتے نظر آئیں گے

Al-Qamar (54) : 46

بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَ السَّاعَةُ أَدْهَىٰ وَ أَمَرُّ

[ترجمہ:] بلکہ اِن سے نمٹنے کے لیے اصل وعدے کا وقت تو قیامت ہے اور وہ بڑی آفت اور زیادہ تلخ ساعت ہے

Al-Qamar (54) : 47

إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ

[ترجمہ:] یہ مجرم لوگ درحقیقت غلط فہمی میں مبتلا ہیں اور اِن کی عقل ماری گئی ہے

Al-Qamar (54) : 48

يَوْمَ يُسْحَبُونَ فِي النَّارِ عَلَىٰ وُجُوهِهِمْ ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ

[ترجمہ:] جس روز یہ منہ کے بل آگ میں گھسیٹے جائیں گے اُس روز اِن سے کہا جائے گا کہ اب چکھو جہنم کی لپٹ کا مزا

Al-Qamar (54) : 49

إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ

[ترجمہ:] ہم نے ہر چیز ایک تقدیر کے ساتھ پیدا کی ہے

Al-Qamar (54) : 50

وَ مَا أَمْرُنَا إِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ

[ترجمہ:] اور ہمارا حکم بس ایک ہی حکم ہوتا ہے اور پلک جھپکاتے وہ عمل میں آجاتا ہے

Al-Qamar (54) : 51

وَ لَقَدْ أَهْلَكْنَا أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ

[ترجمہ:] تم جیسے بہت سوں کو ہم ہلاک کر چکے ہیں، پھر ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟

Al-Qamar (54) : 52

وَ كُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِي الزُّبُرِ

[ترجمہ:] جو کچھ اِنہوں نے کیا ہے وہ سب دفتروں میں درج ہے

Al-Qamar (54) : 53

وَ كُلُّ صَغِيرٍ وَ كَبِيرٍ مُسْتَطَرٌ

[ترجمہ:] اور ہر چھوٹی بڑی بات لکھی ہوئی موجود ہے

Al-Qamar (54) : 54

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَنَهَرٍ

[ترجمہ:] نافرمانی سے پرہیز کرنے والے یقیناً باغوں اور نہروں میں ہوں گے

Al-Qamar (54) : 55

فِي مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيكٍ مُقْتَدِرٍ

[ترجمہ:] سچی عزت کی جگہ، بڑے ذی اقتدار بادشاہ کے قریب

2. Al-Hood (11) : 25 +→ 120/end

◙ Al-Hood (11) : 25

وَ لَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُبِينٌ

[ترجمہ:] (اور ایسے ہی حالات تھے جب) ہم نے نوحؑ کو اُس کی قوم کی طرف بھیجا تھا (اُس نے کہا) "میں تم لوگوں کو صاف صاف خبردار کرتا ہوں

◙ Al-Hood (11) : 26

أَنْ لَا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ ۖ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ أَلِيمٍ

[ترجمہ:] کہ اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو ورنہ مجھے اندیشہ ہے کہ تم پر ایک روز دردناک عذاب آئے گا"

◙ Al-Hood (11) : 27

فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ قَوْمِهِ مَا نَرَاكَ إِلَّا بَشَرًا مِثْلَنَا وَ مَا نَرَاكَ اتَّبَعَكَ إِلَّا الَّذِينَ هُمْ أَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّأْيِ وَ مَا نَرَىٰ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ كَاذِبِينَ

[ترجمہ:] جواب میں اُس کی قوم کے سردار، جنہوں نے اس کی بات ماننے سے انکار کیا تھا، بولے "ہماری نظر میں تو تم اس کے سوا کچھ نہیں ہو کہ بس ایک انسان ہو ہم جیسے اور ہم دیکھ رہے ہیں کہ ہماری قوم میں سے بس اُن لوگوں نے جو ہمارے ہاں ارازل تھے بے سوچے سمجھے تمہاری پیروی اختیار کر لی ہے اور ہم کوئی چیز بھی ایسی نہیں پاتے جس میں تم لوگ ہم سے کچھ بڑھے ہوئے ہو، بلکہ ہم تو تمہیں جھوٹا سمجھتے ہیں"

◙ Al-Hood (11) : 28

قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كُنْتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّي وَ آتَانِي رَحْمَةً مِنْ عِنْدِهِ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ أَنُلْزِمُكُمُوهَا وَ أَنْتُمْ لَهَا كَارِهُونَ

[ترجمہ:] اس نے کہا "اے برادران قوم، ذرا سوچو تو سہی کہ اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک کھلی شہادت پر قائم تھا اور پھر اس نے مجھ کو اپنی خاص رحمت سے بھی نواز دیا مگر وہ تم کو نظر نہ آئی تو آخر ہمارے پاس کیا ذریعہ ہے کہ تم ماننا نہ چاہو اور ہم زبردستی اس کو تمہارے سر چپیک دیں؟

Al-Hood (11) : 29

وَ يَا قَوْمِ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللهِ ۚ وَ مَا أَنَا بِطَارِدِ الَّذِينَ آمَنُوا ۚ إِنَّهُمْ مُلَاقُو رَبِّهِمْ وَلَٰكِنِّي أَرَاكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُونَ

[ترجمہ:] اوراے برادران قوم، میں اِس کام پر تم سے کوئی مال نہیں مانگتا، میرا اجر تو اللہ کے ذمہ ہے اور میں اُن لوگوں کو دھکے دینے سے بھی رہا جنہوں نے میری بات مانی ہے، وہ آپ ہی اپنے رب کے حضور جانے والے ہیں مگر میں دیکھتا ہوں کہ تم لوگ جہالت برت رہے ہو

Al-Hood (11) : 30

وَ يَا قَوْمِ مَنْ يَنْصُرُنِي مِنَ اللهِ إِنْ طَرَدْتُهُمْ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ

[ترجمہ:] اوراے قوم، اگر میں اِن لوگوں کو دھتکار دوں تو خدا کی پکڑ سے کون مجھے بچانے آئے گا؟ تم لوگوں کی سمجھ میں کیا اتنی بات بھی نہیں آتی؟

Al-Hood (11) : 31

وَ لَا أَقُولُ لَكُمْ عِنْدِي خَزَائِنُ اللهِ وَ لَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَ لَا أَقُولُ إِنِّي مَلَكٌ وَ لَا أَقُولُ لِلَّذِينَ تَزْدَرِي أَعْيُنُكُمْ لَنْ يُؤْتِيَهُمُ اللهُ خَيْرًا ۖ اللهُ أَعْلَمُ بِمَا فِي أَنْفُسِهِمْ ۖ إِنِّي إِذًا لَمِنَ الظَّالِمِينَ

[ترجمہ:] اور میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں، نہ یہ کہتا ہوں کہ میں غیب کا علم رکھتا ہوں، نہ یہ میرا دعویٰ ہے کہ میں فرشتہ ہوں اور یہ بھی میں نہیں کہہ سکتا کہ جن لوگوں کو تمہاری آنکھیں حقارت سے دیکھتی ہیں انہیں اللہ نے کوئی بھلائی نہیں دی ان کے نفس کا حال اللہ ہی بہتر جانتا ہے اگر میں ایسا کہوں تو ظالم ہوں گا"

Al-Hood (11) : 32

قَالُوا يَا نُوحُ قَدْ جَادَلْتَنَا فَأَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ

[ترجمہ:] آخر کار ان لوگوں نے کہا کہ "اے نوحؑ، تم نے ہم سے جھگڑا کیا اور بہت کر لیا، اب تو بس وہ عذاب لے آؤ جس کی تم ہمیں دھمکی دیتے ہو اگر سچے ہو"

Al-Hood (11) : 33

قَالَ إِنَّمَا يَأْتِيكُمْ بِهِ اللَّهُ إِنْ شَاءَ وَ مَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ

[ترجمہ:] نوحؑ نے جواب دیا "وہ تو اللہ ہی لائے گا، اگر چاہے گا، اور تم اتنا بل بوتا نہیں رکھتے کہ اسے روک دو

Al-Hood (11) : 34

وَ لَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِي إِنْ أَرَدْتُ أَنْ أَنْصَحَ لَكُمْ إِنْ كَانَ اللَّهُ يُرِيدُ أَنْ يُغْوِيَكُمْ ۚ هُوَ رَبُّكُمْ وَ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ

[ترجمہ:] اب اگر میں تمہاری کچھ خیر خواہی کرنا بھی چاہوں تو میری خیر خواہی تمہیں کوئی فائدہ نہیں دے سکتی، جبکہ اللہ ہی نے تمہیں بھٹکا دینے کا ارادہ کر لیا ہو، وہی تمہارا رب ہے اور اُسی کی طرف تمہیں پلٹنا ہے"

Al-Hood (11) : 35

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَعَلَيَّ إِجْرَامِي وَ أَنَا بَرِيءٌ مِمَّا تُجْرِمُونَ

[ترجمہ:] اے محمدؐ، کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اِس شخص نے یہ سب کچھ خود گھڑ لیا ہے؟ ان سے کہو "اگر میں نے یہ خود گھڑا ہے تو مجھ پر اپنے جرم کی ذمہ داری ہے، اور جو جرم تم کر رہے ہو اس کی ذمہ داری سے میں بری ہوں"

Al-Hood (11) : 36

وَ أُوحِيَ إِلَىٰ نُوحٍ أَنَّهُ لَنْ يُؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ إِلَّا مَنْ قَدْ آمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ

[ترجمہ:] نوحؑ پر وحی کی گئی کہ تمہاری قوم میں سے جو لوگ ایمان لا چکے بس وہ لا چکے، اب کوئی ماننے والا نہیں ہے ان کے کرتوتوں پر غم کھانا چھوڑو

Al-Hood (11) : 37

وَ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَ وَحْيِنَا وَ لَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۚ إِنَّهُمْ مُغْرَقُونَ

[ترجمہ:] اور ہماری نگرانی میں ہماری وحی کے مطابق ایک کشتی بنانی شروع کر دو اور دیکھو، جن لوگوں نے ظلم کیا ہے اُن کے حق میں مجھ سے کوئی سفارش نہ کرنا، یہ سارے کے سارے اب ڈوبنے والے ہیں

Al-Hood (11) : 38

وَ يَصْنَعُ الْفُلْكَ وَ كُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِنْ قَوْمِهِ سَخِرُوا مِنْهُ ۚ قَالَ إِنْ تَسْخَرُوا مِنَّا فَإِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُونَ

[ترجمہ:] نوحؑ کشتی بنا رہا تھا اور اس کی قوم کے سرداروں میں سے جو کوئی اس کے پاس سے گزرتا تھا، وہ اس کا مذاق اڑاتا تھا، اس نے کہا "اگر تم ہم پر ہنستے ہو، تو ہم بھی تم پر ہنس رہے ہیں

Al-Hood (11) : 39

فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَنْ يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَ يَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُقِيمٌ

[ترجمہ:] عنقریب تمہیں خود معلوم ہو جائے گا کہ کس پر وہ عذاب آتا ہے جو اُسے رسوا کر دے گا اور کس پر وہ بلا ٹوٹ پڑتی ہے جو ٹالے نہ ٹلے گی"

Al-Hood (11) : 40

حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ قُلْنَا احْمِلْ فِيهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَ أَهْلَكَ إِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَ مَنْ آمَنَ ۚ وَ مَا آمَنَ مَعَهُ إِلَّا قَلِيلٌ

[ترجمہ:] یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آگیا اور وہ تنور ابل پڑا تو ہم نے کہا "ہر قسم کے جانوروں کا ایک ایک جوڑا کشتی میں رکھ لو، اپنے گھر والوں کو بھی سوائے اُن اشخاص کے جن کی نشان دہی پہلے کی جا چکی ہے اس میں سوار کرا دو اور ان لوگوں کو بھی بٹھا لو جو ایمان لائے ہیں" اور تھوڑے ہی لوگ تھے جو نوحؑ کے ساتھ ایمان لائے تھے

Al-Hood (11) : 41

وَ قَالَ ارْكَبُوا فِيهَا بِسْمِ اللَّهِ مَجْرَاهَا وَ مُرْسَاهَا ۚ إِنَّ رَبِّي لَغَفُورٌ رَحِيمٌ

[ترجمہ:] نوحؑ نے کہا "سوار ہو جاؤ اِس میں، اللہ ہی کے نام سے ہے اس کا چلنا بھی اور اس کا ٹھہرنا بھی، میرا رب بڑا غفور و رحیم ہے

Al-Hood (11) : 42

وَ هِيَ تَجْرِي بِهِمْ فِي مَوْجٍ كَالْجِبَالِ وَ نَادَىٰ نُوحٌ ابْنَهُ وَ كَانَ فِي مَعْزِلٍ يَا بُنَيَّ ارْكَبْ مَعَنَا وَ لَا تَكُنْ مَعَ الْكَافِرِينَ

[ترجمہ:] کشتی ان لوگوں کو لیے چلی جا رہی تھی اور ایک ایک موج پہاڑ کی طرح اٹھ رہی تھی نوحؑ کا بیٹا دور فاصلے پر تھا نوحؑ نے پکار کر کہا "بیٹا، ہمارے ساتھ سوار ہو جا، کافروں کے ساتھ نہ رہ"

Al-Hood (11) : 43

قَالَ سَآوِي إِلَىٰ جَبَلٍ يَعْصِمُنِي مِنَ الْمَاءِ ۚ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ إِلَّا مَنْ رَحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِينَ

[ترجمہ:] اُس نے پلٹ کر جواب دیا "میں ابھی ایک پہاڑ پر چڑھا جاتا ہوں جو مجھے پانی سے بچا لے گا" نوحؑ نے کہا، آج کوئی چیز اللہ کے حکم سے بچانے والی نہیں ہے سوائے اِس کے کہ اللہ ہی کسی پر رحم فرمائے "اتنے میں ایک موج دونوں کے درمیان حائل ہو گئی اور وہ بھی ڈوبنے والوں میں شامل ہو گیا

Al-Hood (11) : 44

وَ قِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَ يَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَ غِيضَ الْمَاءُ وَ قُضِيَ الْأَمْرُ وَ اسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ ۖ وَ قِيلَ بُعْدًا لِلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ

[ترجمہ:] حکم ہوا "اے زمین، اپنا سارا پانی نگل جا اور اے آسمان، رک جا" چنانچہ پانی زمین میں بیٹھ گیا، فیصلہ چکا دیا گیا، کشتی جودی پر ٹک گئی، اور کہہ دیا گیا کہ دور ہوئی ظالموں کی قوم!

Al-Hood (11) : 45

وَ نَادَىٰ نُوحٌ رَبَّهُ فَقَالَ رَبِّ إِنَّ ابْنِي مِنْ أَهْلِي وَ إِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَ أَنْتَ أَحْكَمُ الْحَاكِمِينَ

[ترجمہ:] نوحؑ نے اپنے رب کو پکارا، کہا "اے رب، میرا بیٹا میرے گھر والوں میں سے ہے اور تیرا وعدہ سچا ہے اور تو سب حاکموں سے بڑا اور بہتر حاکم ہے"

Al-Hood (11) : 46

قَالَ يَا نُوحُ إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَهْلِكَ ۖ إِنَّهُ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْأَلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ۖ إِنِّي أَعِظُكَ أَنْ تَكُونَ مِنَ الْجَاهِلِينَ

[ترجمہ:] جواب میں ارشاد ہوا "اے نوحؑ، وہ تیرے گھر والوں میں سے نہیں ہے، وہ تو ایک بگڑا ہوا کام ہے، لہٰذا تو اُس بات کی مجھ سے درخواست نہ کر جس کی حقیقت تو نہیں جانتا، میں تجھے نصیحت کرتا ہوں کہ اپنے آپ کو جاہلوں کی طرح نہ بنا لے"

Al-Hood (11) : 47

قَالَ رَبِّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَسْأَلَكَ مَا لَيْسَ لِي بِهِ عِلْمٌ ۖ وَإِلَّا تَغْفِرْ لِي وَتَرْحَمْنِي أَكُنْ مِنَ الْخَاسِرِينَ

[ترجمہ:] نوحؑ نے فوراً عرض کیا "اے میرے رب، میں تیری پناہ مانگتا ہوں اِس سے کہ وہ چیز تجھ سے مانگوں جس کا مجھے علم نہیں، اگر تو نے مجھ معاف نہ کیا اور رحم نہ فرمایا تو میں برباد ہو جاؤں گا"

Al-Hood (11) : 48

قِيلَ يَا نُوحُ اهْبِطْ بِسَلَامٍ مِنَّا وَبَرَكَاتٍ عَلَيْكَ وَعَلَىٰ أُمَمٍ مِمَّنْ مَعَكَ ۚ وَأُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِنَّا عَذَابٌ أَلِيمٌ

[ترجمہ:] حکم ہوا "اے نوحؑ اتر جا، ہماری طرف سے سلامتی اور برکتیں ہیں تجھ پر اور ان گروہوں پر جو تیرے ساتھ ہیں، اور کچھ گروہ ایسے بھی ہیں جن کو ہم کچھ مدت سامان زندگی بخشیں گے پھر انہیں ہماری طرف سے دردناک عذاب پہنچے گا"

Al-Hood (11) : 49

تِلْكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهَا إِلَيْكَ ۖ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَا أَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هَٰذَا ۖ فَاصْبِرْ ۖ إِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِينَ

[ترجمہ:] اے محمدؐ، یہ غیب کی خبریں ہیں جو ہم تمہاری طرف وحی کر رہے ہیں، اس سے پہلے نہ تم ان کو جانتے تھے اور نہ تمہاری قوم، پس صبر کرو، انجام کار متقیوں ہی کے حق میں ہے

Al-Hood (11) : 50

وَ إِلَىٰ عَادٍ أَخَاهُمْ هُودًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا مُفْتَرُونَ

[ترجمہ:] اور عاد کی طرف ہم نے ان کے بھائی ہودؑ کو بھیجا اُس نے کہا "اے برادران قوم، اللہ کی بندگی کرو، تمہارا کوئی خدا اُس کے سوا نہیں ہے تم نے محض جھوٹ گھڑ رکھے ہیں

Al-Hood (11) : 51

يَا قَوْمِ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى الَّذِي فَطَرَنِي ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ

[ترجمہ:] اے برادران قوم، اس کام پر میں تم سے کوئی اجر نہیں چاہتا، میرا اجر تو اس کے ذمہ ہے جس نے مجھے پیدا کیا ہے، کیا تم عقل سے ذرا کام نہیں لیتے ؟

Al-Hood (11) : 52

وَ يَا قَوْمِ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا وَ يَزِدْكُمْ قُوَّةً إِلَىٰ قُوَّتِكُمْ وَ لَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِينَ

[ترجمہ:] اور اے میری قوم کے لوگو، اپنے رب سے معافی چاہو، پھر اس کی طرف پلٹو، وہ تم پر آسمان کے دہانے کھول دے گا اور تمہاری موجودہ قوت پر مزید قوت کا اضافہ کرے گا، مجرموں کی طرح منہ نہ پھیرو"

Al-Hood (11) : 53

قَالُوا يَا هُودُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَمَا نَحْنُ بِتَارِكِي آلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] انہوں نے جواب دیا "اے ہودؑ، تو ہمارے پاس کوئی صریح شہادت لے کر نہیں آیا ہے، اور تیرے کہنے سے ہم اپنے معبودوں کو نہیں چھوڑ سکتے، اور تجھ پر ہم ایمان لانے والے نہیں ہیں

Al-Hood (11) : 54

إِنْ نَقُولُ إِلَّا اعْتَرَاكَ بَعْضُ آلِهَتِنَا بِسُوءٍ ۗ قَالَ إِنِّي أُشْهِدُ اللَّهَ وَ اشْهَدُوا أَنِّي بَرِيءٌ مِمَّا تُشْرِكُونَ

[ترجمہ:] ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ تیرے اوپر ہمارے معبودوں میں سے کسی کی مار پڑ گئی ہے" ہودؑ نے کہا "میں اللہ کی شہادت پیش کرتا ہوں اور تم گواہ رہو کہ یہ جو اللہ کے سوا دوسروں کو تم نے خدائی میں شریک ٹھیرا رکھا ہے اس سے میں بیزار ہوں

Al-Hood (11) : 55

مِنْ دُونِهِ ۖ فَكِيدُونِي جَمِيعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُونِ

[ترجمہ:] تم سب کے سب مل کر میرے خلاف اپنی کرنی میں کسر نہ اٹھا رکھو اور مجھے ذرا مہلت نہ دو

Al-Hood (11) : 56

إِنِّي تَوَكَّلْتُ عَلَى اللَّهِ رَبِّي وَ رَبِّكُمْ ۚ مَا مِنْ دَابَّةٍ إِلَّا هُوَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ۚ إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ

[ترجمہ:] میرا بھروسہ اللہ پر ہے جو میرا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی کوئی جاندار ایسا نہیں جس کی چوٹی اس کے ہاتھ میں نہ ہو بے شک میرا رب سیدھی راہ پر ہے

Al-Hood (11) : 57

فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ مَا أُرْسِلْتُ بِهِ إِلَيْكُمْ ۚ وَ يَسْتَخْلِفُ رَبِّي قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَ لَا تَضُرُّونَهُ شَيْئًا ۚ إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ

[ترجمہ:] اگر تم منہ پھیرتے ہو تو پھیر لو جو پیغام دے کر میں تمہارے پاس بھیجا گیا تھا وہ میں تم کو پہنچا چکا ہوں اب میرا رب تمہاری جگہ دوسری قوم کو اٹھائے گا اور تم اس کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے یقیناً میرا رب ہر چیز پر نگراں ہے"

Al-Hood (11) : 58

وَ لَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُودًا وَ الَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِنَّا وَ نَجَّيْنَاهُمْ مِنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ

[ترجمہ:] پھر جب ہمارا حکم آگیا تو ہم نے اپنی رحمت سے ہودؑ کو اور اُن لوگوں کو جو اُس کے ساتھ ایمان لائے تھے نجات دے دی اور ایک سخت عذاب سے بچا لیا

Al-Hood (11) : 59

وَ تِلْكَ عَادٌ ۖ جَحَدُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَ عَصَوْا رُسُلَهُ وَ اتَّبَعُوا أَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ

[ترجمہ:] یہ ہیں عاد، اپنے رب کی آیات سے انہوں نے انکار کیا، اس کے رسولوں کی بات نہ مانی، اور ہر جبار دشمن حق کی پیروی کرتے رہے

Al-Hood (11) : 60

وَ أُتْبِعُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ أَلَا إِنَّ عَادًا كَفَرُوا رَبَّهُمْ ۗ أَلَا بُعْدًا لِعَادٍ قَوْمِ هُودٍ

[ترجمہ:] آخر کار اس دنیا میں بھی ان پر پھٹکار پڑی اور قیامت کے روز بھی سنو! عاد نے اپنے رب سے کفر کیا، سنو! دور پھینک دیے گئے عاد، ہودؑ کی قوم کے لوگ

Al-Hood (11) : 61

وَ إِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ هُوَ أَنْشَأَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ وَ اسْتَعْمَرَكُمْ فِيهَا فَاسْتَغْفِرُوهُ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ ۚ إِنَّ رَبِّي قَرِيبٌ مُجِيبٌ

[ترجمہ:] اور ثمود کی طرف ہم نے ان کے بھائی صالحؑ کو بھیجا اُس نے کہا "اے میری قوم کے لوگو، اللہ کی بندگی کرو، اُس کے سوا تمہارا کوئی خدا نہیں ہے وہی ہے جس نے تم کو زمین سے پیدا کیا ہے اور یہاں تم کو بسایا ہے لہٰذا تم اس سے معافی چاہو اور اس کی طرف پلٹ آؤ، یقیناً میرا رب قریب ہے اور وہ دعاؤں کا جواب دینے والا ہے"

Al-Hood (11) : 62

قَالُوا يَا صَالِحُ قَدْ كُنْتَ فِينَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هَٰذَا ۖ أَ تَنْهَانَا أَنْ نَعْبُدَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا وَ إِنَّنَا لَفِي شَكٍّ مِمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ مُرِيبٍ

[ترجمہ:] انہوں نے کہا "اے صالحؑ، اس سے پہلے تو ہمارے درمیان ایسا شخص تھا جس سے بڑی توقعات وابستہ تھیں کیا تو ہمیں ان معبودوں کی پرستش سے روکنا چاہتا ہے جن کی پرستش ہمارے باپ دادا کرتے تھے؟ تو جس طریقے کی طرف ہمیں بلا رہا ہے اس کے بارے میں ہم کو سخت شبہ ہے جس نے ہمیں خلجان میں ڈال رکھا ہے"

Al-Hood (11) : 63

قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كُنْتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّي وَ آتَانِي مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَنْصُرُنِي مِنَ اللَّهِ إِنْ عَصَيْتُهُ ۖ فَمَا تَزِيدُونَنِي غَيْرَ تَخْسِيرٍ

[ترجمہ:] صالحؑ نے کہا "اے برادران قوم، تم نے کچھ اس بات پر بھی غور کیا کہ اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک صاف شہادت رکھتا تھا، اور پھر اس نے اپنی رحمت سے بھی مجھ کو نواز دیا تو اِس کے بعد اللہ کی پکڑ سے مجھے کون بچائے گا اگر میں اُس کی نافرمانی کروں؟ تم میرے کس کام آ سکتے ہو سوائے اس کے کہ مجھے اور زیادہ خسارے میں ڈال دو

Al-Hood (11) : 64

وَ يَا قَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ آيَةً فَذَرُوهَا تَأْكُلْ فِي أَرْضِ اللّٰهِ وَ لَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيبٌ

[ترجمہ:] اور اے میری قوم کے لوگو، دیکھو یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے لیے ایک نشانی ہے اِسے خدا کی زمین میں چرنے کے لیے آزاد چھوڑ دو اِس سے ذرا تعرض نہ کرنا ورنہ کچھ زیادہ دیر نہ گزرے گی کہ تم پر خدا کا عذاب آجائے گا"

Al-Hood (11) : 65

فَعَقَرُوهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوا فِي دَارِكُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ ۖ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوبٍ

[ترجمہ:] مگر انہوں نے اونٹنی کو مار ڈالا، اس پر صالحؑ نے اُن کو خبردار کر دیا کہ "بس اب تین دن اپنے گھروں میں اور رہ بس لو یہ ایسی میعاد ہے جو جھوٹی نہ ثابت ہو گی"

Al-Hood (11) : 66

فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا صَالِحًا وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ ۗ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ

[ترجمہ:] آخر کار جب ہمارے فیصلے کا وقت آگیا تو ہم نے اپنی رحمت سے صالحؑ کو اور اُن لوگوں کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے بچا لیا، اور اُس دن کی رسوائی سے ان کو محفوظ رکھا، بے شک تیرا رب ہی دراصل طاقتور اور بالا دست ہے

Al-Hood (11) : 67

وَ أَخَذَ الَّذِينَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دِيَارِهِمْ جَاثِمِينَ

[ترجمہ:] رہے وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا تھا، تو ایک سخت دھماکے نے ان کو دھر لیا اور وہ اپنی بستیوں میں اس طرح بے حس و حرکت پڑے کے پڑے رہ گئے

Al-Hood (11) : 68

كَأَنْ لَمْ يَغْنَوْا فِيهَا ۗ أَلَا إِنَّ ثَمُودَ كَفَرُوا رَبَّهُمْ ۗ أَلَا بُعْدًا لِثَمُودَ

[ترجمہ:] کہ گویا وہ وہاں کبھی بسے ہی نہ تھے سنو! ثمود نے اپنے رب سے کفر کیا سنو! دور پھینک دیے گئے ثمود!

Al-Hood (11) : 69

وَ لَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُنَا إِبْرَاهِيمَ بِالْبُشْرَىٰ قَالُوا سَلَامًا ۖ قَالَ سَلَامٌ ۖ فَمَا لَبِثَ أَنْ جَاءَ بِعِجْلٍ حَنِيذٍ

[ترجمہ:] اور دیکھو، ابراہیمؑ کے پاس ہمارے فرشتے خوشخبری لیے ہوئے پہنچے، کہا تم پر سلام ہو، ابراہیمؑ نے جواب دیا تم پر بھی سلام ہو، پھر کچھ دیر نہ گزری کہ ابراہیمؑ ایک بھنا ہوا بچھڑا (ان کی ضیافت کے لیے) لے آیا

Al-Hood (11) : 70

فَلَمَّا رَأَىٰ أَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ إِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَ أَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً ۚ قَالُوا لَا تَخَفْ إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمِ لُوطٍ

[ترجمہ:] مگر جب دیکھا کہ ان کے ہاتھ کھانے پر نہیں بڑھتے، تو وہ ان سے مشتبہ ہو گیا اور دل میں ان سے خوف محسوس کرنے لگا، اُنہوں نے کہا "ڈرو نہیں، ہم تو لوطؑ کی قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں"

Al-Hood (11) : 71

وَ امْرَأَتُهُ قَائِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنَاهَا بِإِسْحَاقَ وَ مِنْ وَرَاءِ إِسْحَاقَ يَعْقُوبَ

[ترجمہ:] ابراہیمؑ کی بیوی بھی کھڑی ہوئی تھی، وہ یہ سن کر ہنس دی، پھر ہم نے اس کو اسحاقؑ کی اور اسحاقؑ کے بعد یعقوب کی خوشخبری دی

Al-Hood (11) : 72

قَالَتْ يَا وَيْلَتَىٰ أَأَلِدُ وَأَنَا عَجُوزٌ وَ هَٰذَا بَعْلِي شَيْخًا ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيبٌ

[ترجمہ:] وہ بولی "ہائے میری کم بختی ! کیا اب میرے ہاں اولاد ہو گی، جبکہ میں بڑھیا پھونس ہو گئی اور یہ میرے میاں بھی بوڑھے ہو چکے ؟ یہ تو بڑی عجیب بات ہے"

Al-Hood (11) : 73

قَالُوا أَتَعْجَبِينَ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ ۖ رَحْمَتُ اللَّهِ وَ بَرَكَاتُهُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ ۚ إِنَّهُ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

[ترجمہ:] فرشتوں نے کہا "اللہ کے حکم پر تعجب کرتی ہو؟ ابراہیمؑ کے گھر والو، تم لوگوں پر تو اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں ہیں، اور یقیناً اللہ نہایت قابل تعریف اور بڑی شان والا ہے"

Al-Hood (11) : 74

فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ الرَّوْعُ وَ جَاءَتْهُ الْبُشْرَىٰ يُجَادِلُنَا فِي قَوْمِ لُوطٍ

[ترجمہ:] پھر جب ابراہیمؑ کی گھبراہٹ دور ہو گئی اور (اولاد کی بشارت سے) اس کا دل خوش ہو گیا تو اس نے قوم لوط کے معاملے میں ہم سے جھگڑا شروع کیا

Al-Hood (11) : 75

إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَحَلِيمٌ أَوَّاهٌ مُنِيبٌ

[ترجمہ:] حقیقت میں ابراہیمؑ بڑا حلیم اور نرم دل آدمی تھا اور ہر حال میں ہماری طرف رجوع کرتا تھا

Al-Hood (11) : 76

يَا إِبْرَاهِيمُ أَعْرِضْ عَنْ هَٰذَا ۖ إِنَّهُ قَدْ جَاءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۖ وَ إِنَّهُمْ آتِيهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُودٍ

[ترجمہ:] (آخر کار ہمارے فرشتوں نے اس سے کہا) "اے ابراہیمؑ، اس سے باز آ جاؤ، تمہارے رب کا حکم ہو چکا ہے اور اب ان لوگوں پر وہ عذاب آ کر رہے گا جو کسی کے پھیرے نہیں پھر سکتا"

Al-Hood (11) : 77

وَ لَمَّا جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيءَ بِهِمْ وَ ضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَ قَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيبٌ

[ترجمہ:] اور جب ہمارے فرشتے لوطؑ کے پاس پہنچے تو اُن کی آمد سے وہ بہت گھبرایا اور دل تنگ ہوا اور کہنے لگا کہ آج بڑی مصیبت کا دن ہے

Al-Hood (11) : 78

وَ جَاءَهُ قَوْمُهُ يُهْرَعُونَ إِلَيْهِ وَ مِنْ قَبْلُ كَانُوا يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ ۚ قَالَ يَا قَوْمِ هٰؤُلَاءِ بَنَاتِي هُنَّ أَطْهَرُ لَكُمْ ۖ فَاتَّقُوا اللهَ وَلَا تُخْزُونِ فِي ضَيْفِي ۖ أَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَشِيدٌ

[ترجمہ:] (ان مہمانوں کا آنا تھا کہ) اس کی قوم کے لوگ بے اختیار اس کے گھر کی طرف دوڑ پڑے، پہلے سے وہ ایسی ہی بدکاریوں کے خو گر تھے، لوطؑ نے ان سے کہا "بھائیو، یہ میری بیٹیاں موجود ہیں، یہ تمہارے لیے پاکیزہ تر ہیں، کچھ خدا کا خوف کرو اور میرے مہمانوں کے معاملے میں مجھے ذلیل نہ کرو، کیا تم میں کوئی بھلا آدمی نہیں ؟"

Al-Hood (11) : 79

قَالُوا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِي بَنَاتِكَ مِنْ حَقٍّ وَ إِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيدُ

[ترجمہ:] انہوں نے جواب دیا "تجھے تو معلوم ہی ہے کہ تیری بیٹیوں میں ہمارا کوئی حصہ نہیں ہے اور تو یہ بھی جانتا ہے کہ ہم چاہتے کیا ہیں"

Al-Hood (11) : 80

قَالَ لَوْ أَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً أَوْ آوِي إِلَىٰ رُكْنٍ شَدِيدٍ

[ترجمہ:] لوطؑ نے کہا "کاش میرے پاس اتنی طاقت ہوتی کہ تمہیں سیدھا کر دیتا، یا کوئی مضبوط سہارا ہی ہوتا کہ اس کی پناہ لیتا"

Al-Hood (11) : 81

قَالُوا يَا لُوطُ إِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَصِلُوا إِلَيْكَ ۖ فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِنَ اللَّيْلِ وَ لَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ أَحَدٌ إِلَّا امْرَأَتَكَ ۖ إِنَّهُ مُصِيبُهَا مَا أَصَابَهُمْ ۚ إِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ۚ أَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيبٍ

[ترجمہ:] تب فرشتوں نے اس سے کہا کہ "اے لوطؑ، ہم تیرے رب کے بھیجے ہوئے فرشتے ہیں، یہ لوگ تیرا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے، بس تُو کچھ رات رہے اپنے اہل و عیال کو لے کر نکل جا، اور دیکھو تم میں سے کوئی شخص پیچھے پلٹ کر نہ دیکھے، مگر تیری بیوی (ساتھ نہیں جائے گی) کیونکہ اس پر بھی وہی کچھ گزرنے والا ہے جو اِن لوگوں پر گزرنا ہے، ان کی تباہی کے لیے صبح کا وقت مقرر ہے، صبح ہوتے اب دیر ہی کتنی ہے!"

Al-Hood (11) : 82

فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَ أَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِنْ سِجِّيلٍ مَنْضُودٍ

[ترجمہ:] پھر جب ہمارے فیصلے کا وقت آ پہنچا تو ہم نے اس بستی کو تل پٹ کر دیا اور اس پر پکی ہوئی مٹی کے پتھر تابڑ توڑ برسائے

Al-Hood (11) : 83

مُسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ۖ وَ مَا هِيَ مِنَ الظَّالِمِينَ بِبَعِيدٍ

[ترجمہ:] جن میں سے ہر پتھر تیرے رب کے ہاں نشان زدہ تھا اور ظالموں سے یہ سزا کچھ دور نہیں ہے

Al-Hood (11) : 84

وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ ۚ إِنِّي أَرَاكُمْ بِخَيْرٍ وَ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُحِيطٍ

[ترجمہ:] اور مدین والوں کی طرف ہم نے ان کے بھائی شعیبؑ کو بھیجا، اُس نے کہا "اے میری قوم کے لوگو، اللہ کی بندگی کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی خدا نہیں ہے اور ناپ تول میں کمی نہ کیا کرو آج میں تم کو اچھے حال میں دیکھ رہا ہوں، مگر مجھے ڈر ہے کہ کل تم پر ایسا دن آئے گا، جس کا عذاب سب کو گھیر لے گا

Al-Hood (11) : 85

وَ يَا قَوْمِ أَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَ الْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ ۖ وَ لَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَ لَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ

[ترجمہ:] اور اے برادران قوم، ٹھیک ٹھیک انصاف کے ساتھ پورا ناپو اور تولو، اور لوگوں کو ان کی چیزوں میں گھاٹا نہ دیا کرو اور زمین میں فساد نہ پھیلاتے پھرو

Al-Hood (11) : 86

بَقِيَّتُ اللَّهِ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۚ وَ مَا أَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيظٍ

[ترجمہ:] اللہ کی دی ہوئی بچت تمہارے لیے بہتر ہے، اگر تم مومن ہو اور بہر حال میں تمہارے اوپر کوئی نگران کار نہیں ہوں"

Al-Hood (11) : 87

قَالُوا يَا شُعَيْبُ أَصَلَاتُكَ تَأْمُرُكَ أَنْ نَتْرُكَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا أَوْ أَنْ نَفْعَلَ فِي أَمْوَالِنَا مَا نَشَاءُ ۖ إِنَّكَ لَأَنْتَ الْحَلِيمُ الرَّشِيدُ

[ترجمہ:] انہوں نے جواب دیا "اے شعیبؑ، کیا تیری نماز تجھے یہ سکھاتی ہے کہ ہم ان سارے معبودوں کو چھوڑ دیں، جن کی پرستش ہمارے باپ دادا کرتے تھے؟ یا یہ کہ ہم کو اپنے مال میں اپنی منشا کے مطابق تصرف کرنے کا اختیار نہ ہو؟ بس تُو ہی تو ایک عالی ظرف اور راستباز آدمی رہ گیا ہے!"

Al-Hood (11) : 88

قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كُنْتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّي وَ رَزَقَنِي مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۚ وَ مَا أُرِيدُ أَنْ أُخَالِفَكُمْ إِلَىٰ مَا أَنْهَاكُمْ عَنْهُ ۚ إِنْ أُرِيدُ إِلَّا الْإِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۚ وَ مَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللَّهِ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ

[ترجمہ:] شعیبؑ نے کہا "بھائیو، تم خود ہی سوچو کہ اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک کھلی شہادت پر تھا اور پھر اس نے اپنے ہاں سے مجھ کو اچھا رزق بھی عطا کیا (تو اس کے بعد میں تمہاری گمراہیوں اور حرام خوریوں میں تمہارا شریک حال کیسے ہو سکتا ہوں؟) اور میں ہر گز یہ نہیں چاہتا کہ جن باتوں سے میں تم کو روکتا ہوں ان کا خود ارتکاب کروں میں تو اصلاح کرنا چاہتا ہوں، جہاں تک بھی میرا بس چلے اور یہ جو کچھ میں کرنا چاہتا ہوں، اس کا سارا انحصار اللہ کی توفیق پر ہے، اُسی پر میں نے بھروسہ کیا اور ہر معاملہ میں اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں

Al-Hood (11) : 89

وَيَا قَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِي أَنْ يُصِيبَكُمْ مِثْلُ مَا أَصَابَ قَوْمَ نُوحٍ أَوْ قَوْمَ هُودٍ أَوْ قَوْمَ صَالِحٍ ۚ وَ مَا قَوْمُ لُوطٍ مِنْكُمْ بِبَعِيدٍ

[ترجمہ:] اور اے برادران قوم، میرے خلاف تمہاری ہٹ دھرمی کہیں یہ نوبت نہ پہنچا دے کہ آخر کار تم پر بھی وہی عذاب آکر رہے جو نوحؑ یا ہودؑ یا صالحؑ کی قوم پر آیا تھا اور لوطؑ کی قوم تو تم سے کچھ زیادہ دور بھی نہیں ہے

Al-Hood (11) : 90

وَ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ ۚ إِنَّ رَبِّي رَحِيمٌ وَدُودٌ

[ترجمہ:] دیکھو! اپنے رب سے معافی مانگو اور اس کی طرف پلٹ آؤ، بے شک میرا رب رحیم ہے اور اپنی مخلوق سے محبت رکھتا ہے"

Al-Hood (11) : 91

قَالُوا يَا شُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا مِمَّا تَقُولُ وَ إِنَّا لَنَرَاكَ فِينَا ضَعِيفًا ۖ وَ لَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنَاكَ ۖ وَ مَا أَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيزٍ

[ترجمہ:] انہوں نے جواب دیا "اے شعیبؑ، تیری بہت سی باتیں تو ہماری سمجھ ہی میں نہیں آتیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ تو ہمارے درمیان ایک بے زور آدمی ہے، تیری برادری نہ ہوتی تو ہم کبھی کا تجھے سنگسار کر چکے ہوتے، تیرا بل بوتا تو اتنا نہیں ہے کہ ہم پر بھاری ہو"

Al-Hood (11) : 92

قَالَ يَا قَوْمِ أَرَهْطِي أَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِنَ اللّٰهِ وَ اتَّخَذْتُمُوهُ وَرَاءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۖ إِنَّ رَبِّي بِمَا تَعْمَلُونَ مُحِيطٌ

[ترجمہ:] شعیبؑ نے کہا "بھائیو، کیا میری برادری تم پر اللہ سے زیادہ بھاری ہے کہ تم نے (برادری کا تو خوف کیا اور) اللہ کو بالکل پس پشت ڈال دیا؟ جان رکھو کہ جو کچھ تم کر رہے ہو وہ اللہ کی گرفت سے باہر نہیں ہے

Al-Hood (11) : 93

وَ يَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ ۖ سَوْفَ تَعْلَمُونَ مَنْ يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَ مَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۖ وَ ارْتَقِبُوا إِنِّي مَعَكُمْ رَقِيبٌ

[ترجمہ:] اے میری قوم کے لوگو، تم اپنے طریقے پر کام کیے جاؤ اور میں اپنے طریقے پر کرتا رہوں گا، جلد ہی تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ کس پر ذلت کا عذاب آتا ہے اور کون جھوٹا ہے تم بھی انتظار کرو اور میں بھی تمہارے ساتھ چشم براہ ہوں"

Al-Hood (11) : 94

وَ لَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَ الَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِنَّا وَ أَخَذَتِ الَّذِينَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دِيَارِهِمْ جَاثِمِينَ

[ترجمہ:] آخر کار جب ہمارے فیصلے کا وقت آ گیا تو ہم نے اپنی رحمت سے شعیبؑ اور اس کے ساتھی مومنوں کو بچا لیا اور جن لوگوں نے ظلم کیا تھا ان کو ایک سخت دھماکے نے ایسا پکڑا، کہ وہ اپنی بستیوں میں بے حس و حرکت پڑے کے پڑے رہ گئے

Al-Hood (11) : 95

كَأَنْ لَمْ يَغْنَوْا فِيهَا ۗ أَلَا بُعْدًا لِمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُودُ

[ترجمہ:] گویا وہ کبھی وہاں رہے بسے ہی نہ تھے، سنو! مدین والے بھی دور پھینک دیے گئے جس طرح ثمود پھینکے گئے تھے

Al-Hood (11) : 96

وَ لَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا وَ سُلْطَانٍ مُبِينٍ

[ترجمہ:] اور موسیٰؑ کو ہم نے اپنی نشانیوں اور کھلی کھلی سند ماموریت کے ساتھ فرعون اور اس کے اعیان سلطنت کی طرف بھیجا

Al-Hood (11) : 97

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَ مَلَئِهِ فَاتَّبَعُوا أَمْرَ فِرْعَوْنَ ۖ وَ مَا أَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيدٍ

[ترجمہ:] مگر انہوں نے فرعون کے حکم کی پیروی کی حالانکہ فرعون کا حکم راستی پر نہ تھا

Al-Hood (11) : 98

يَقْدُمُ قَوْمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۖ وَ بِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُودُ

[ترجمہ:] قیامت کے روز وہ اپنی قوم کے آگے آگے ہو گا اور اپنی پیشوائی میں انہیں دوزخ کی طرف لے جائے گا، کیسی بدتر جائے وُرُود ہے یہ جس پر کوئی پہنچے!

Al-Hood (11) : 99

وَ أُتْبِعُوا فِي هَٰذِهِ لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُودُ

[ترجمہ:] اور ان لوگوں پر دنیا میں بھی لعنت پڑی اور قیامت کے روز بھی پڑے گی کیسا برا صلہ ہے یہ جو کسی کو ملے!

Al-Hood (11) : 100

ذَٰلِكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْقُرَىٰ نَقُصُّهُ عَلَيْكَ ۖ مِنْهَا قَائِمٌ وَ حَصِيدٌ

[ترجمہ:] یہ چند بستیوں کی سرگزشت ہے جو ہم تمہیں سنا رہے ہیں، ان میں سے بعض اب بھی کھڑی ہیں اور بعض کی فصل کٹ چکی ہے

Al-Hood (11) : 101

وَ مَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَٰكِنْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ ۖ فَمَا أَغْنَتْ عَنْهُمْ آلِهَتُهُمُ الَّتِي يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ مِنْ شَيْءٍ لَمَّا جَاءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۖ وَ مَا زَادُوهُمْ غَيْرَ تَتْبِيبٍ

[ترجمہ:] ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا، انہوں نے آپ ہی اپنے اوپر ستم ڈھایا اور جب اللہ کا حکم آ گیا، تو ان کے وہ معبود جنہیں وہ اللہ کو چھوڑ کر پکارا کرتے تھے، ان کے کچھ کام نہ آ سکے اور انہوں نے ہلاکت و بربادی کے سوا انہیں کچھ فائدہ نہ دیا

Al-Hood (11) : 102

وَ كَذٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ۚ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ

[ترجمہ:] اور تیرا رب جب کسی ظالم بستی کو پکڑتا ہے تو پھر اس کی پکڑ ایسی ہی ہوا کرتی ہے، فی الواقع اس کی پکڑ بڑی سخت اور دردناک ہوتی ہے

Al-Hood (11) : 103

إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَةً لِمَنْ خَافَ عَذَابَ الْآخِرَةِ ۚ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَجْمُوعٌ لَهُ النَّاسُ وَ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَشْهُودٌ

[ترجمہ:] حقیقت یہ ہے کہ اس میں ایک نشانی ہے ہر اُس شخص کے لیے جو عذاب آخرت کا خوف کرے، وہ ایک دن ہوگا جس میں سب لوگ جمع ہوں گے اور پھر جو کچھ بھی اُس روز ہوگا، سب کی آنکھوں کے سامنے ہوگا

Al-Hood (11) : 104

وَ مَا نُؤَخِّرُهُ إِلَّا لِأَجَلٍ مَعْدُودٍ

[ترجمہ:] ہم اس کے لانے میں کچھ بہت زیادہ تاخیر نہیں کر رہے ہیں، بس ایک گنی چُنی مدت اس کے لیے مقرر ہے

Al-Hood (11) : 105

يَوْمَ يَأْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَ سَعِيدٌ

[ترجمہ:] جب وہ آئے گا تو کسی کو بات کرنے کی مجال نہ ہوگی، الا یہ کہ خدا کی اجازت سے کچھ عرض کرے پھر کچھ لوگ اس روز بدبخت ہوں گے اور کچھ نیک بخت

Al-Hood (11) : 106

فَأَمَّا الَّذِينَ شَقُوا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَ شَهِيقٌ

[ترجمہ:] جو بدبخت ہوں گے وہ دوزخ میں جائیں گے، (جہاں گرمی اور پیاس کی شدت سے) وہ ہانپیں گے اور پھنکارے ماریں گے

Al-Hood (11) : 107

خَالِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَ الْأَرْضُ إِلَّا مَا شَاءَ رَبُّكَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِمَا يُرِيدُ

[ترجمہ:] اور اسی حالت میں وہ ہمیشہ رہیں گے، جب تک کہ زمین و آسمان قائم ہیں، الا یہ کہ تیرا رب کچھ اور چاہے، بے شک تیرا رب پورا اختیار رکھتا ہے کہ جو چاہے کرے

Al-Hood (11) : 108

وَ أَمَّا الَّذِينَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ خَالِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَ الْأَرْضُ إِلَّا مَا شَاءَ رَبُّكَ ۖ عَطَاءً غَيْرَ مَجْذُوذٍ

[ترجمہ:] رہے وہ لوگ جو نیک بخت نکلیں گے، تو وہ جنت میں جائیں گے اور وہاں ہمیشہ رہیں گے جب تک زمین و آسمان قائم ہیں، الا یہ کہ تیرا رب کچھ اور چاہے، ایسی بخشش ان کو ملے گی جس کا سلسلہ کبھی منقطع نہ ہو گا

Al-Hood (11) : 109

فَلَا تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِمَّا يَعْبُدُ هَٰؤُلَاءِ ۚ مَا يَعْبُدُونَ إِلَّا كَمَا يَعْبُدُ آبَاؤُهُمْ مِنْ قَبْلُ ۚ وَ إِنَّا لَمُوَفُّوهُمْ نَصِيبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوصٍ

[ترجمہ:] پس اے نبیؐ، تو ان معبودوں کی طرف سے کسی شک میں نہ رہ جن کی یہ لوگ عبادت کر رہے ہیں، یہ تو (بس لکیر کے فقیر بنے ہوئے) اُسی طرح پوجا پاٹ کیے جا رہے ہیں جس طرح پہلے ان کے باپ دادا کرتے تھے، اور ہم اِن کا حصہ اِنہیں بھرپور دیں گے بغیر اس کے کہ اس میں کچھ کاٹ کسر ہو

Al-Hood (11) : 110

وَ لَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَاخْتُلِفَ فِيهِ ۚ وَ لَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۚ وَ إِنَّهُمْ لَفِي شَكٍّ مِنْهُ مُرِيبٍ

[ترجمہ:] ہم اس سے پہلے موسیٰؑ کو بھی کتاب دے چکے ہیں اور اُس کے بارے میں بھی اختلاف کیا گیا تھا (جس طرح آج اِس کتاب کے بارے میں کیا جا رہا ہے جو تمہیں دی گئی ہے) اگر تیرے رب کی طرف سے ایک بات پہلے ہی طے نہ کر دی گئی ہوتی تو اِن اختلاف کرنے والوں کے درمیان کبھی کا فیصلہ چکا دیا گیا ہوتا، یہ واقعہ ہے کہ یہ لوگ اس کی طرف سے شک اور خلجان میں پڑے ہوئے ہیں

Al-Hood (11) : 111

وَ إِنَّ كُلًّا لَمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ أَعْمَالَهُمْ ۚ إِنَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ خَبِيرٌ

[ترجمہ:] اور یہ بھی واقعہ ہے کہ تیرا رب انہیں ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دے کر رہے گا، یقیناً وہ ان کی سب حرکتوں سے باخبر ہے

Al-Hood (11) : 112

فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَ مَنْ تَابَ مَعَكَ وَ لَا تَطْغَوْا ۚ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ

[ترجمہ:] پس اے محمدؐ، تم، اور تمہارے وہ ساتھی جو (کفر و بغاوت سے ایمان و طاعت کی طرف) پلٹ آئے ہیں، ٹھیک ٹھیک راہ راست پر ثابت قدم رہو جیسا کہ تمہیں حکم دیا گیا ہے اور بندگی کی حد سے تجاوز نہ کرو، جو کچھ تم کر رہے ہو اس پر تمہارا رب نگاہ رکھتا ہے

Al-Hood (11) : 113

وَ لَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَ مَا لَكُمْ مِنْ دُونِ اللهِ مِنْ أَوْلِيَاءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُونَ

[ترجمہ:] اِن ظالموں کی طرف ذرا نہ جھکنا، ورنہ جہنم کی لپیٹ میں آ جاؤ گے اور تمہیں کوئی ایسا ولی و سرپرست نہ ملے گا، جو خدا سے تمہیں بچا سکے اور کہیں سے تم کو مدد نہ پہنچے گی

Al-Hood (11) : 114

وَ أَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَ زُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ ۚ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ۚ ذَٰلِكَ ذِكْرَىٰ لِلذَّاكِرِينَ

[ترجمہ:] اور دیکھو، نماز قائم کرو، دن کے دونوں سروں پر اور کچھ رات گزرنے پر درحقیقت نیکیاں برائیوں کو دور کر دیتی ہیں، یہ ایک یاد دہانی ہے ان لوگوں کے لیے جو خدا کو یاد رکھنے والے ہیں

Al-Hood (11) : 115

وَ اصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ

[ترجمہ:] اور صبر کر، اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر کبھی ضائع نہیں کرتا

Al-Hood (11) : 116

فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُونِ مِنْ قَبْلِكُمْ أُولُو بَقِيَّةٍ يَنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْأَرْضِ إِلَّا قَلِيلًا مِمَّنْ أَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۗ وَ اتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَا أُتْرِفُوا فِيهِ وَ كَانُوا مُجْرِمِينَ

[ترجمہ:] پھر کیوں نہ اُن قوموں میں جو تم سے پہلے گزر چکی ہیں، ایسے اہل خیر موجود رہے جو لوگوں کو زمین میں فساد برپا کرنے سے روکتے؟ ایسے لوگ نکلے بھی تو بہت کم، جن کو ہم نے ان قوموں میں سے بچا لیا، ورنہ ظالم لوگ تو انہی مزوں کے پیچھے پڑے رہے جن کے سامان انہیں فراوانی کے ساتھ دیے گئے تھے اور وہ مجرم بن کر رہے

Al-Hood (11) : 117

وَ مَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرَىٰ بِظُلْمٍ وَ أَهْلُهَا مُصْلِحُونَ

[ترجمہ:] تیرا رب ایسا نہیں ہے کہ بستیوں کو ناحق تباہ کر دے حالانکہ ان کے باشندے اصلاح کرنے والے ہوں

Al-Hood (11) : 118

وَ لَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ أُمَّةً وَاحِدَةً ۖ وَ لَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ

[ترجمہ:] بے شک تیرا رب اگر چاہتا تو تمام انسانوں کو ایک گروہ بنا سکتا تھا، مگر اب تو وہ مختلف طریقوں ہی پر چلتے رہیں گے

Al-Hood (11) : 119

إِلَّا مَنْ رَحِمَ رَبُّكَ ۚ وَ لِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۗ وَ تَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ أَجْمَعِينَ

[ترجمہ:] اور بے راہ رویوں سے صرف وہ لوگ بچیں گے جن پر تیرے رب کی رحمت ہے، اِسی (آزادی انتخاب واختیار) کے لیے ہی تو اس نے انہیں پیدا کیا تھا اور تیرے رب کی وہ بات پوری ہو گئی، جو اس نے کہی تھی کہ میں جہنم کو جن اور انسان، سب سے بھر دوں گا

Al-Hood (11) : 120

وَ كُلًّا نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَاءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ ۚ وَ جَاءَكَ فِي هَٰذِهِ الْحَقُّ وَ مَوْعِظَةٌ وَ ذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] اور اے محمدؐ، یہ پیغمبروں کے قصے جو ہم تمہیں سناتے ہیں، وہ چیزیں ہیں جن کے ذریعے سے ہم تمہارے دل کو مضبوط کرتے ہیں ان کے اندر تم کو حقیقت کا علم ملا اور ایمان لانے والوں کو نصیحت اور بیداری نصیب ہوئی

Al-Hood (11) : 121

وَ قُلْ لِلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنَّا عَامِلُونَ

[ترجمہ:] رہے وہ لوگ جو ایمان نہیں لاتے، تو ان سے کہہ دو کہ تم اپنے طریقے پر کام کرتے رہو اور ہم اپنے طریقے پر کیے جاتے ہیں

◙ Al-Hood (11) : 122

وَ انْتَظِرُوا إِنَّا مُنْتَظِرُونَ

[ترجمہ:] انجام کار کا تم بھی انتظار کرو اور ہم بھی منتظر ہیں

◙ Al-Hood (11) : 123

وَ لِلّٰهِ غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَ الْأَرْضِ وَ إِلَيْهِ يُرْجَعُ الْأَمْرُ كُلُّهُ فَاعْبُدْهُ وَ تَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۚ وَ مَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ

[ترجمہ:] آسمانوں اور زمین میں جو کچھ چھپا ہوا ہے سب اللہ کے قبضہ قدرت میں ہے اور سارا معاملہ اسی کی طرف رجوع کیا جاتا ہے، پس اے نبیؐ! تُو اُس کی بندگی کر اور اُسی پر بھروسا رکھ، جو کچھ تم لوگ کر رہے ہو تیرا رب اُس سے بے خبر نہیں ہے

3. Al-Aaraaf (7) : 59+→ 87/end

◙ Al-Aaraaf (7) : 59

لَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ

[ترجمہ:] ہم نے نوحؑ کو اُس کی قوم کی طرف بھیجا اس نے کہا "اے برادران قوم، اللہ کی بندگی کرو، اُس کے سوا تمہارا کوئی خدا نہیں ہے میں تمہارے حق میں ایک ہولناک دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں"

◙ Al-Aaraaf (7) : 60

قَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِهِ إِنَّا لَنَرَاكَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ

[ترجمہ:] اس کی قوم کے سرداروں نے جواب دیا "ہم کو تو یہ نظر آتا ہے کہ تم صریح گمراہی میں مبتلا ہو"

Al-Aaraaf (7) : 61

قَالَ يَا قَوْمِ لَيْسَ بِي ضَلَالَةٌ وَلَٰكِنِّي رَسُولٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] نوحؑ نے کہا "اے برادران قوم، میں کسی گمراہی میں نہیں پڑا ہوں بلکہ ، میں رب العالمین کا رسول ہوں

Al-Aaraaf (7) : 62

أُبَلِّغُكُمْ رِسَالَاتِ رَبِّي وَأَنْصَحُ لَكُمْ وَ أَعْلَمُ مِنَ اللهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ

[ترجمہ:] تمہیں اپنے رب کے پیغامات پہنچاتا ہوں، تمہارا خیر خواہ ہوں اور مجھے اللہ کی طرف سے وہ کچھ معلوم ہے جو تمھیں معلوم نہیں ہے

Al-Aaraaf (7) : 63

أَوَعَجِبْتُمْ أَنْ جَاءَكُمْ ذِكْرٌ مِنْ رَبِّكُمْ عَلَىٰ رَجُلٍ مِنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَ لِتَتَّقُوا وَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ

[ترجمہ:] کیا تمہیں اس بات پر تعجب ہوا، کہ تمہارے پاس خود تمہاری اپنی قوم کے ایک آدمی کے ذریعہ سے تمہارے رب کی یاددہانی آئی، تاکہ تمہیں خبردار کرے اور تم غلط روی سے بچ جاؤ اور تم پر رحم کیا جائے؟"

Al-Aaraaf (7) : 64

فَكَذَّبُوهُ فَأَنْجَيْنَاهُ وَ الَّذِينَ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ وَأَغْرَقْنَا الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا عَمِينَ

[ترجمہ:] مگر انہوں نے اس کو جھٹلا دیا، آخر کار ہم نے اسے اور اس کے ساتھیوں کو ایک کشتی میں نجات دی اور اُن لوگوں کو ڈبو دیا جنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا تھا، یقیناً وہ اندھے لوگ تھے

Al-Aaraaf (7) : 65

وَ إِلَىٰ عَادٍ أَخَاهُمْ هُودًا ۗ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۚ أَفَلَا تَتَّقُونَ

[ترجمہ:] اور عاد کی طرف ہم نے ان کے بھائی ہودؑ کو بھیجا اس نے کہا "اے برادران قوم، اللہ کی بندگی کرو، اُس کے سوا تمہارا کوئی خدا نہیں ہے، پھر کیا تم غلط روی سے پرہیز نہ کرو گے؟"

Al-Aaraaf (7) : 66

قَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ قَوْمِهِ إِنَّا لَنَرَاكَ فِي سَفَاهَةٍ وَإِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكَاذِبِينَ

[ترجمہ:] اس کی قوم کے سرداروں نے، جو اس کی بات ماننے سے انکار کر رہے تھے، جواب میں کہا "ہم تو تمہیں بے عقلی میں مبتلا سمجھتے ہیں اور ہمیں گمان ہے کہ تم جھوٹے ہو"

Al-Aaraaf (7) : 67

قَالَ يَا قَوْمِ لَيْسَ بِي سَفَاهَةٌ وَلَٰكِنِّي رَسُولٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] اس نے کہا "اے برادران قوم، میں بے عقلی میں مبتلا نہیں ہوں بلکہ میں رب العالمین کا رسول ہوں

Al-Aaraaf (7) : 68

أُبَلِّغُكُمْ رِسَالَاتِ رَبِّي وَأَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ أَمِينٌ

[ترجمہ:] تم کو اپنے رب کے پیغامات پہنچاتا ہوں، اور تمہارا ایسا خیر خواہ ہوں جس پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے

Al-Aaraaf (7) : 69

أَوَعَجِبْتُمْ أَنْ جَاءَكُمْ ذِكْرٌ مِنْ رَبِّكُمْ عَلَىٰ رَجُلٍ مِنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ۚ وَاذْكُرُوا إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاءَ مِنْ بَعْدِ قَوْمِ نُوحٍ وَزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَسْطَةً ۖ فَاذْكُرُوا آلَاءَ اللَّهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ

[ترجمہ:] کیا تمہیں اس بات پر تعجب ہوا کہ تمہارے پاس خود تمہاری اپنی قوم کے ایک آدمی کے ذریعہ سے تمہارے رب کی یاددہانی آئی، تاکہ وہ تمہیں خبردار کرے؟ بھول نہ جاؤ کہ تمہارے رب نے نوحؑ کی قوم کے بعد تم کو اُس کا جانشین بنایا اور تمہیں خوب تنومند کیا، پس اللہ کی قدرت کے کرشموں کو یاد رکھو، امید ہے کہ فلاح پاؤ گے"

Al-Aaraaf (7) : 70

قَالُوا أَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللَّهَ وَحْدَهُ وَ نَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُنَا ۖ فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ

[ترجمہ:] انہوں نے جواب دیا "کیا تو ہمارے پاس اس لیے آیا ہے کہ ہم اکیلے اللہ ہی کی عبادت کریں اور اُنہیں چھوڑ دیں جن کی عبادت ہمارے باپ دادا کرتے آئے ہیں؟ اچھا تو لے آ وہ عذاب جس کی تو ہمیں دھمکی دیتا ہے اگر تو سچا ہے"

Al-Aaraaf (7) : 71

قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِنْ رَبِّكُمْ رِجْسٌ وَ غَضَبٌ ۖ أَتُجَادِلُونَنِي فِي أَسْمَاءٍ سَمَّيْتُمُوهَا أَنْتُمْ وَ آبَاؤُكُمْ مَا نَزَّلَ اللَّهُ بِهَا مِنْ سُلْطَانٍ ۚ فَانْتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُمْ مِنَ الْمُنْتَظِرِينَ

[ترجمہ:] اس نے کہا "تمہارے رب کی پھٹکار تم پر پڑ گئی اور اس کا غضب ٹوٹ پڑا، کیا تم مجھ سے اُن ناموں پر جھگڑتے ہو جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لیے ہیں، جن کے لیے اللہ نے کوئی سند نازل نہیں کی ہے، اچھا تو تم بھی انتظار کرو اور میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں"

Al-Aaraaf (7) : 72

فَأَنْجَيْنَاهُ وَ الَّذِينَ مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِنَّا وَ قَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۖ وَ مَا كَانُوا مُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] آخر کار ہم نے اپنی مہربانی سے ہودؑ اور اس کے ساتھیوں کو بچا لیا اور اُن لوگوں کی جڑ کاٹ دی، جو ہماری آیات کو جھٹلا چکے تھے اور ایمان لانے والے نہ تھے

Al-Aaraaf (7) : 73

وَ إِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا ۘ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلٰهٍ غَيْرُهُ ۖ قَدْ جَاءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ ۖ هٰذِهِ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ آيَةً ۖ فَذَرُوهَا تَأْكُلْ فِي أَرْضِ اللّٰهِ ۖ وَ لَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ

[ترجمہ:] اور ثمود کی طرف ہم نے اُن کے بھائی صالحؑ کو بھیجا، اس نے کہا "اے برادران قوم، اللہ کی بندگی کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی خدا نہیں ہے، تمہارے پاس تمہارے رب کی کھلی دلیل آگئی ہے، یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے لیے ایک نشانی کے طور پر ہے، لہٰذا اسے چھوڑ دو کہ خدا کی زمین میں چرتی پھرے اس کو کسی برے ارادے سے ہاتھ نہ لگانا، ورنہ ایک دردناک عذاب تمہیں آلے گا

Al-Aaraaf (7) : 74

وَ اذْكُرُوا إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاءَ مِنْ بَعْدِ عَادٍ وَ بَوَّأَكُمْ فِي الْأَرْضِ تَتَّخِذُونَ مِنْ سُهُولِهَا قُصُورًا وَ تَنْحِتُونَ الْجِبَالَ بُيُوتًا ۖ فَاذْكُرُوا آلَاءَ اللّٰهِ وَ لَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ

[ترجمہ:] یاد کرو وہ وقت جب اللہ نے قوم عاد کے بعد تمہیں اس کا جانشین بنایا اور تم کو زمین میں یہ منزلت بخشی کہ تم اُس کے ہموار میدانوں میں عالی شان محل بناتے اور اس کے پہاڑوں کو مکانات کی شکل میں تراشتے ہو، پس اس کی قدرت کے کرشموں سے غافل نہ ہو جاؤ اور زمین میں فساد برپا نہ کرو"

Al-Aaraaf (7) : 75

قَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا مِنْ قَوْمِهِ لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِمَنْ آمَنَ مِنْهُمْ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ صَالِحًا مُرْسَلٌ مِنْ رَبِّهِ ۚ قَالُوا إِنَّا بِمَا أُرْسِلَ بِهِ مُؤْمِنُونَ

[ترجمہ:] اُس کی قوم کے سرداروں نے جو بڑے بنے ہوئے تھے، کمزور طبقہ کے اُن لوگوں سے جو ایمان لے آئے تھے کہا "کیا تم واقعی یہ جانتے ہو کہ صالحؑ اپنے رب کا پیغمبر ہے؟" انہوں نے جواب دیا "بے شک جس پیغام کے ساتھ وہ بھیجا گیا ہے اُسے ہم مانتے ہیں"

Al-Aaraaf (7) : 76

قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا بِالَّذِي آمَنْتُمْ بِهِ كَافِرُونَ

[ترجمہ:] اُن برائی کے مدعیوں نے کہا جس چیز کو تم نے مانا ہے ہم اس کے منکر ہیں"

Al-Aaraaf (7) : 77

فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ وَ قَالُوا يَا صَالِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِينَ

[ترجمہ:] پھر انہوں نے اس اونٹنی کو مار ڈالا اور پورے تمرد کے ساتھ اپنے رب کے حکم کی خلاف ورزی کر گزرے، اور صالحؑ سے کہہ دیا کہ لے آ وہ عذاب جس کی تو ہمیں دھمکی دیتا ہے، اگر تو واقعی پیغمبروں میں سے ہے

Al-Aaraaf (7) : 78

فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ

[ترجمہ:] آخر کار ایک دہلا دینے والی آفت نے اُنہیں آلیا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے کے پڑے رہ گئے

Al-Aaraaf (7) : 79

فَتَوَلَّىٰ عَنْهُمْ وَ قَالَ يَا قَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّي وَ نَصَحْتُ لَكُمْ وَلَٰكِنْ لَا تُحِبُّونَ النَّاصِحِينَ

[ترجمہ:] اور صالحؑ یہ کہتا ہوا ان کی بستیوں سے نکل گیا کہ "اے میری قوم، میں نے اپنے رب کا پیغام تجھے پہنچا دیا اور میں نے تیری بہت خیر خواہی کی، مگر میں کیا کروں کہ تجھے اپنے خیر خواہ پسند ہی نہیں ہیں"

Al-Aaraaf (7) : 80

وَ لُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ أَحَدٍ مِنَ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] اور لوطؑ کو ہم نے پیغمبر بنا کر بھیجا، پھر یاد کرو جب اُس نے اپنی قوم سے کہا "کیا تم ایسے بے حیا ہو گئے ہو، کہ وہ فحش کام کرتے ہو جو تم سے پہلے دنیا میں کسی نے نہیں کیا؟

Al-Aaraaf (7) : 81

إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِنْ دُونِ النِّسَاءِ ۚ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ مُسْرِفُونَ

[ترجمہ:] تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں سے اپنی خواہش پوری کرتے ہو، حقیقت یہ ہے کہ تم بالکل ہی حد سے گزر جانے والے لوگ ہو"

Al-Aaraaf (7) : 82

وَ مَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَنْ قَالُوا أَخْرِجُوهُمْ مِنْ قَرْيَتِكُمْ ۖ إِنَّهُمْ أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ

[ترجمہ:] مگر اس کی قوم کا جواب اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ "نکالو اِن لوگوں کو اپنی بستیوں سے، بڑے پاکباز بنتے ہیں یہ"

Al-Aaraaf (7) : 83

فَأَنْجَيْنَاهُ وَ أَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِينَ

[ترجمہ:] آخر کار ہم نے لوطؑ اور اس کے گھر والوں کو بجز اس کی بیوی کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں تھی

Al-Aaraaf (7) : 84

وَ أَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَطَرًا ۖ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِينَ

[ترجمہ:] بچا کر نکال دیا اور اس قوم پر برسائی ایک بارش، پھر دیکھو کہ اُن مجرموں کا کیا انجام ہوا

Al-Aaraaf (7) : 85

وَ إِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۗ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ قَدْ جَاءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ ۖ فَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَا لْمِيزَانَ وَ لَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَ لَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] اور مدین والوں کی طرف ہم نے ان کے بھائی شعیبؑ کو بھیجا اس نے کہا "اے برادران قوم، اللہ کی بندگی کرو، اُس کے سوا تمہارا کوئی خدا نہیں ہے، تمہارے پاس تمہارے رب کی صاف رہنمائی آگئی ہے، لہٰذا وزن اور پیمانے پورے کرو، لوگوں کو اُن کی چیزوں میں گھاٹا نہ دو، اور زمین میں فساد برپا نہ کرو جب کہ اس کی اصلاح ہو چکی ہے، اسی میں تمہاری بھلائی ہے اگر تم واقعی مومن ہو

Al-Aaraaf (7) : 86

وَ لَا تَقْعُدُوا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوعِدُونَ وَ تَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ مَنْ آمَنَ بِهِ وَ تَبْغُونَهَا عِوَجًا ۚ وَ اذْكُرُوا إِذْ كُنْتُمْ قَلِيلًا فَكَثَّرَكُمْ ۖ وَ انْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ

[ترجمہ:] اور (زندگی کے) ہر راستے پر رہزن بن کر نہ بیٹھ جاؤ، کہ لوگوں کو خوف زدہ کرنے اور ایمان لانے والوں کو خدا کے راستے سے روکنے لگو اور سیدھی راہ کو ٹیڑھا کرنے کے درپے ہو جاؤ، یاد کرو وہ زمانہ جبکہ تم تھوڑے تھے، پھر اللہ نے تمہیں بہت کر دیا، اور آنکھیں کھول کر دیکھو کہ دنیا میں مفسدوں کا کیا انجام ہوا ہے

Al-Aaraaf (7) : 87

وَ إِنْ كَانَ طَائِفَةٌ مِنْكُمْ آمَنُوا بِالَّذِي أُرْسِلْتُ بِهِ وَطَائِفَةٌ لَمْ يُؤْمِنُوا فَاصْبِرُوا حَتَّىٰ يَحْكُمَ اللَّهُ بَيْنَنَا ۚ وَ هُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ

[ترجمہ:] اگر تم میں سے ایک گروہ اس تعلیم پر جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں، ایمان لاتا ہے اور دوسرا ایمان نہیں لاتا، تو صبر کے ساتھ دیکھتے رہو، یہاں تک کہ اللہ ہمارے درمیان فیصلہ کر دے، اور وہی سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے"

4. As-Shams (91) : 1 + → 15 / end

◙ As-Shams (91) : 1

وَ الشَّمْسِ وَ ضُحَاهَا

[ترجمہ:] سورج اور اُس کی دھوپ کی قسم

◙ As-Shams (91) : 2

وَ الْقَمَرِ إِذَا تَلَاهَا

[ترجمہ:] اور چاند کی قسم جبکہ وہ اُس کے پیچھے آتا ہے

◙ As-Shams (91) : 3

وَ النَّهَارِ إِذَا جَلَّاهَا

[ترجمہ:] اور دن کی قسم جبکہ وہ (سورج کو) نمایاں کر دیتا ہے

◙ As-Shams (91) : 4

وَ اللَّيْلِ إِذَا يَغْشَاهَا

[ترجمہ:] اور رات کی قسم جبکہ وہ (سورج کو) ڈھانک لیتی ہے

◙ As-Shams (91) : 5

وَ السَّمَاءِ وَ مَا بَنَاهَا

[ترجمہ:] اور آسمان کی اور اُس ذات کی قسم جس نے اُسے قائم کیا

◙ As-Shams (91) : 6

وَ الْأَرْضِ وَ مَا طَحَاهَا

[ترجمہ:] اور زمین کی اور اُس ذات کی قسم جس نے اُسے بچھایا

As-Shams (91) : 7

وَ نَفْسٍ وَ مَا سَوّٰهَا

[ترجمہ:] اور نفس انسانی کی اور اُس ذات کی قسم جس نے اُسے ہموار کیا

As-Shams (91) : 8

فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَ تَقْوَاهَا

[ترجمہ:] پھر اُس کی بدی اور اُس کی پرہیز گاری اس پر الہام کر دی

As-Shams (91) : 9

قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا

[ترجمہ:] یقیناً فلاح پا گیا وہ جس نے نفس کا تزکیہ کیا

As-Shams (91) : 10

وَ قَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا

[ترجمہ:] اور نامراد ہوا وہ جس نے اُس کو دبا دیا

As-Shams (91) : 11

كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوَاهَا

[ترجمہ:] ثمود نے اپنی سرکشی کی بنا پر جھٹلایا

As-Shams (91) : 12

إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا

[ترجمہ:] جب اُس قوم کا سب سے زیادہ شقی آدمی بپھر کر اٹھا

As-Shams (91) : 13

فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَ سُقْيَاهَا

[ترجمہ:] تو اللہ کے رسول نے اُن لوگوں سے کہا کہ خبردار، اللہ کی اونٹنی کو (ہاتھ نہ لگانا) اور اُس کے پانی پینے (میں مانع نہ ہونا)

As-Shams (91) : 14

فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْبِهِمْ فَسَوَّاهَا

[ترجمہ:] مگر انہوں نے اُس کی بات کو جھوٹا قرار دیا اور اونٹنی کو مار ڈالا آخر کار اُن کے گناہ کی پاداش میں ان کے رب نے ان پر ایسی آفت توڑی کہ ایک ساتھ سب کو پیوند خاک کر دیا

As-Shams (91) : 15

وَلَا يَخَافُ عُقْبَاهَا

[ترجمہ:] اور اسے (اپنے اس فعل کے) کسی برے نتیجے کا کوئی خوف نہیں ہے

5. Al-Fajar (89) : 1 + → 29 / end

Al-Fajar (89) : 1

وَ الْفَجْرِ

[ترجمہ:] قسم ہے فجر کی

Al-Fajar (89) : 2

وَ لَيَالٍ عَشْرٍ

[ترجمہ:] اور دس راتوں کی

Al-Fajar (89) : 3

وَ الشَّفْعِ وَ الْوَتْرِ

[ترجمہ:] اور جفت اور طاق کی

Al-Fajar (89) : 4

وَ اللَّيْلِ إِذَا يَسْرِ

[ترجمہ:] اور رات کی جبکہ وہ رخصت ہو رہی ہو

Al-Fajar (89) : 5

هَلْ فِي ذَٰلِكَ قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ

[ترجمہ:] کیا اِس میں کسی صاحب عقل کے لیے کوئی قسم ہے؟

Al-Fajar (89) : 6

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ

[ترجمہ:] تم نے دیکھا نہیں کہ تمہارے رب نے کیا برتاؤ کیا

Al-Fajar (89) : 7

إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ

[ترجمہ:] اونچے ستونوں والے عاد ارم کے ساتھ

Al-Fajar (89) : 8

الَّتِي لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ

[ترجمہ:] جن کے مانند کوئی قوم دنیا کے ملکوں میں پیدا نہیں کی گئی تھی؟

Al-Fajar (89) : 9

وَ ثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ

[ترجمہ:] اور ثمود کے ساتھ جنہوں نے وادی میں چٹانیں تراشی تھیں؟

Al-Fajar (89) : 10

وَ فِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ

[ترجمہ:] اور میخوں والے فرعون کے ساتھ؟

Al-Fajar (89) : 11

الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ

[ترجمہ:] یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے دنیا کے ملکوں میں بڑی سرکشی کی تھی

Al-Fajar (89) : 12

فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ

[ترجمہ:] اور ان میں بہت فساد پھیلایا تھا

Al-Fajar (89) : 13

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ

[ترجمہ:] آخر کار تمہارے رب نے ان پر عذاب کا کوڑا برسا دیا

Al-Fajar (89) : 14

إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ

[ترجمہ:] حقیقت یہ ہے کہ تمہارا رب گھات لگائے ہوئے ہے

Al-Fajar (89) : 15

فَأَمَّا الْإِنْسَانُ إِذَا مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ وَ نَعَّمَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ

[ترجمہ:] مگر انسان کا حال یہ ہے کہ اس کا رب جب اُس کو آزمائش میں ڈالتا ہے اور اُسے عزت اور نعمت دیتا ہے، تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے عزت دار بنا دیا

Al-Fajar (89) : 16

وَ أَمَّا إِذَا مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَهَانَنِ

[ترجمہ:] اور جب وہ اُس کو آزمائش میں ڈالتا ہے، اور اُس کا رزق اُس پر تنگ کر دیتا ہے، تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیا

Al-Fajar (89) : 17

كَلَّا ۖ بَلْ لَا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، بلکہ تم یتیم سے عزت کا سلوک نہیں کرتے

Al-Fajar (89) : 18

وَ لَا تَحَاضُّونَ عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ

[ترجمہ:] اور مسکین کو کھانا کھلانے پر، ایک دوسرے کو نہیں اکساتے

Al-Fajar (89) : 19

وَ تَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَمًّا

[ترجمہ:] اور میراث کا سارا مال سمیٹ کر کھا جاتے ہو

Al-Fajar (89) : 20

وَ تُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا

[ترجمہ:] اور مال کی محبت میں بری طرح گرفتار ہو

Al-Fajar (89) : 21

كَلَّا إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، جب زمین پے در پے کوٹ کوٹ کر ریگ زار بنا دی جائے گی

Al-Fajar (89) : 22

وَ جَاءَ رَبُّكَ وَ الْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا

[ترجمہ:] اور تمہارا رب جلوہ فرما ہو گا اِس حال میں کہ فرشتے صف در صف کھڑے ہوں گے

Al-Fajar (89) : 23

وَ جِيءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ ۚ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ الْإِنْسَانُ وَ أَنَّىٰ لَهُ الذِّكْرَىٰ

[ترجمہ:] اور جہنم اُس روز سامنے لے آئی جائے گی، اُس دن انسان کو سمجھ آئے گی اور اس وقت اُس کے سمجھنے کا کیا حاصل؟

Al-Fajar (89) : 24

يَقُولُ يَا لَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي

[ترجمہ:] وہ کہے گا کہ کاش میں نے اپنی اِس زندگی کے لیے کچھ پیشگی سامان کیا ہوتا!

Al-Fajar (89) : 25

فَيَوْمَئِذٍ لَا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ

[ترجمہ:] پھر اُس دن اللہ جو عذاب دے گا ویسا عذاب دینے والا کوئی نہیں

Al-Fajar (89) : 26

وَ لَا يُوثِقُ وَ ثَاقَهُ أَحَدٌ

[ترجمہ:] اور اللہ جیسا باندھے گا ویسا باندھنے والا کوئی نہیں

Al-Fajar (89) : 27

يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ

[ترجمہ:] (دوسری طرف ارشاد ہو گا) اے نفس مطمئن!

◙ Al-Fajar (89) : 28

ارْجِعِي إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَرْضِيَّةً

[ترجمہ:] چل اپنے رب کی طرف، اِس حال میں کہ تو (اپنے انجام نیک سے) خوش (اور اپنے رب کے نزدیک) پسندیدہ ہے

◙ Al-Fajar (89) : 29

فَادْخُلِي فِي عِبَادِي

[ترجمہ:] شامل ہو جا میرے (نیک) بندوں میں

◙ Al-Fajar (89) : 30

وَ ادْخُلِي جَنَّتِي

[ترجمہ:] اور داخل ہو جا میری جنت میں

6a. An-Najam (53) : 33 +→ 62 / end

◙ An-Najam (53) : 33

أَفَرَأَيْتَ الَّذِي تَوَلَّىٰ

[ترجمہ:] پھر اے نبیؐ، تم نے اُس شخص کو بھی دیکھا جو راہ خدا سے پھر گیا

◙ An-Najam (53) : 34

وَ أَعْطَىٰ قَلِيلًا وَ أَكْدَىٰ

[ترجمہ:] اور تھوڑا سا دے کر رک گیا

◙ An-Najam (53) : 35

أَعِنْدَهُ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرَىٰ

[ترجمہ:] کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے کہ وہ حقیقت کو دیکھ رہا ہے؟

An-Najam (53) : 36

أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ بِمَا فِي صُحُفِ مُوسَىٰ

[ترجمہ:] کیا اُسے اُن باتوں کی کوئی خبر نہیں پہنچی جو موسیٰؑ کے صحیفوں

An-Najam (53) : 37

وَ إِبْرَاهِيمَ الَّذِي وَفَّىٰ

[ترجمہ:] اور اُس ابراہیمؑ کے صحیفوں میں بیان ہوئی ہیں جس نے وفا کا حق ادا کر دیا؟

An-Najam (53) : 38

أَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ

[ترجمہ:] "یہ کہ کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا

An-Najam (53) : 39

وَ أَنْ لَيْسَ لِلْإِنْسَانِ إِلَّا مَا سَعَىٰ

[ترجمہ:] اور یہ کہ انسان کے لیے کچھ نہیں ہے مگر وہ جس کی اُس نے سعی کی ہے

An-Najam (53) : 40

وَ أَنَّ سَعْيَهُ سَوْفَ يُرَىٰ

[ترجمہ:] اور یہ کہ اس کی سعی عنقریب دیکھی جائے گی

An-Najam (53) : 41

ثُمَّ يُجْزَاهُ الْجَزَاءَ الْأَوْفَىٰ

[ترجمہ:] اور اس کی پوری جزا اسے دی جائے گی

An-Najam (53) : 42

وَ أَنَّ إِلَىٰ رَبِّكَ الْمُنْتَهَىٰ

[ترجمہ:] اور یہ کہ آخر کار پہنچنا تیرے رب ہی کے پاس ہے

An-Najam (53) : 43

وَ أَنَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَ أَبْكَىٰ

[ترجمہ:] اور یہ کہ اُسی نے ہنسایا اور اُسی نے رلایا

An-Najam (53) : 44

وَ أَنَّهُ هُوَ أَمَاتَ وَ أَحْيَا

[ترجمہ:] اور یہ کہ اُسی نے موت دی اور اُسی نے زندگی بخشی

An-Najam (53) : 45

وَ أَنَّهُ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَ الْأُنْثَىٰ

[ترجمہ:] اور یہ کہ اُسی نے نر اور مادہ کا جوڑا پیدا کیا

An-Najam (53) : 46

مِنْ نُطْفَةٍ إِذَا تُمْنَىٰ

[ترجمہ:] ایک بوند سے جب وہ ٹپکائی جاتی ہے

An-Najam (53) : 47

وَ أَنَّ عَلَيْهِ النَّشْأَةَ الْأُخْرَىٰ

[ترجمہ:] اور یہ کہ دوسری زندگی بخشنا بھی اُسی کے ذمہ ہے

An-Najam (53) : 48

وَ أَنَّهُ هُوَ أَغْنٰى وَ أَقْنٰى

[ترجمہ:] اور یہ کہ اُسی نے غنی کیا اور جائداد بخشی

An-Najam (53) : 49

وَ أَنَّهُ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى

[ترجمہ:] اور یہ کہ وہی شعریٰ کا رب ہے

An-Najam (53) : 50

وَ أَنَّهُ أَهْلَكَ عَادًا الْأُولٰى

[ترجمہ:] اور یہ کہ اُسی نے عادِ اولیٰ کو ہلاک کیا

An-Najam (53) : 51

وَ ثَمُودَ فَمَا أَبْقٰى

[ترجمہ:] اور ثمود کو ایسا مٹایا کہ ان میں سے کسی کو باقی نہ چھوڑا

An-Najam (53) : 52

وَ قَوْمَ نُوحٍ مِنْ قَبْلُ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا هُمْ أَظْلَمَ وَأَطْغٰى

[ترجمہ:] اور اُن سے پہلے قوم نوحؑ کو تباہ کیا کیونکہ وہ تھے ہی سخت ظالم و سرکش لوگ

An-Najam (53) : 53

وَ الْمُؤْتَفِكَةَ أَهْوٰى

[ترجمہ:] اور اوندھی گرنے والی بستیوں کو اٹھا پھینکا

An-Najam (53) : 54

فَغَشَّاهَا مَا غَشَّىٰ

[ترجمہ:] پھر چھا دیا اُن پر وہ کچھ جو (تم جانتے ہی ہو کہ) کیا چھا دیا

An-Najam (53) : 55

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكَ تَتَمَارَىٰ

[ترجمہ:] پس اے مخاطب، اپنے رب کی کن کن نعمتوں میں تو شک کرے گا؟"

An-Najam (53) : 56

هَٰذَا نَذِيرٌ مِنَ النُّذُرِ الْأُولَىٰ

[ترجمہ:] یہ ایک تنبیہ ہے پہلے آئی ہوئی تنبیہات میں سے

An-Najam (53) : 57

أَزِفَتِ الْآزِفَةُ

[ترجمہ:] آنے والی گھڑی قریب آ لگی ہے

An-Najam (53) : 58

لَيْسَ لَهَا مِنْ دُونِ اللَّهِ كَاشِفَةٌ

[ترجمہ:] اللہ کے سوا کوئی اُس کو ہٹانے والا نہیں

An-Najam (53) : 59

أَفَمِنْ هَٰذَا الْحَدِيثِ تَعْجَبُونَ

[ترجمہ:] اب کیا یہی وہ باتیں ہیں جن پر تم اظہار تعجب کرتے ہو؟

An-Najam (53) : 60

وَ تَضْحَكُونَ وَ لَا تَبْكُونَ

[ترجمہ:] ہنستے ہو اور روتے نہیں ہو؟

An-Najam (53) : 61

وَ أَنْتُمْ سَامِدُونَ

[ترجمہ:] اور گا بجا کر انہیں ٹالتے ہو؟

An-Najam (53) : 62

فَاسْجُدُوا لِلَّهِ وَاعْبُدُوا ۩

[ترجمہ:] جھک جاؤ اللہ کے آگے اور بندگی بجالاؤ

6b. Al-Mominoon (23) : 23 +→ 30

Al-Mominoon (23) : 23

وَ لَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ أَفَلَا تَتَّقُونَ

[ترجمہ:] ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا اس نے کہا "اے میری قوم کے لوگو، اللہ کی بندگی کرو، اس کے سوا تمہارے لیے کوئی اور معبود نہیں ہے، کیا تم ڈرتے نہیں ہو؟"

Al-Mominoon (23) : 24

فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ قَوْمِهِ مَا هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يُرِيدُ أَنْ يَتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ وَ لَوْ شَاءَ اللَّهُ لَأَنْزَلَ مَلَائِكَةً مَا سَمِعْنَا بِهَٰذَا فِي آبَائِنَا الْأَوَّلِينَ

[ترجمہ:] اس کی قوم کے جن سرداروں نے ماننے سے انکار کیا وہ کہنے لگے کہ "یہ شخص کچھ نہیں ہے مگر ایک بشر تم ہی جیسا اِس کی غرض یہ ہے کہ تم پر برتری حاصل کرے اللہ کو اگر بھیجنا ہوتا تو فرشتے بھیجتا یہ بات تو ہم نے کبھی اپنے باپ دادا کے وقتوں میں سنی ہی نہیں (کہ بشر رسول بن کر آئے)

Al-Mominoon (23) : 25

إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌ بِهِ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوا بِهِ حَتَّىٰ حِينٍ

[ترجمہ:] کچھ نہیں، بس اس آدمی کو ذرا جنون لاحق ہو گیا ہے کچھ مدت اور دیکھ لو (شاید افاقہ ہو جائے)"

Al-Mominoon (23) : 26

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ

[ترجمہ:] نوحؑ نے کہا "پروردگار، ان لوگوں نے جو میری تکذیب کی ہے اس پر اب تو ہی میری مدد فرما"

Al-Mominoon (23) : 27

فَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ أَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَ وَحْيِنَا فَإِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَ فَارَ التَّنُّورُ ۙ فَاسْلُكْ فِيهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَ أَهْلَكَ إِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۖ وَ لَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۖ إِنَّهُمْ مُغْرَقُونَ

[ترجمہ:] ہم نے اس پر وحی کی کہ "ہماری نگرانی میں اور ہماری وحی کے مطابق کشتی تیار کر پھر جب ہمارا حکم آ جائے اور تنور ابل پڑے تو ہر قسم کے جانوروں میں سے ایک ایک جوڑا لے کر اس میں سوار ہو جا، اور اپنے اہل و عیال کو بھی ساتھ لے سوائے اُن کے جن کے خلاف پہلے ہی فیصلہ ہو چکا ہے، اور ظالموں کے معاملہ میں مجھ سے کچھ نہ کہنا، یہ اب غرق ہونے والے ہیں

Al-Mominoon (23) : 28

فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنْتَ وَمَنْ مَعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ

[ترجمہ:] پھر جب تو اپنے ساتھیوں سمیت کشتی پر سوار ہو جائے تو کہہ، شکر ہے اُس خدا کا جس نے ہمیں ظالم لوگوں سے نجات دی

◙ Al-Mominoon (23) : 29

وَ قُلْ رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا مُبَارَكًا وَ أَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ

[ترجمہ:] اور کہہ ، پروردگار، مجھ کو برکت والی جگہ اتار اور تُو بہترین جگہ دینے والا ہے"

◙ Al-Mominoon (23) : 30

إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَاتٍ وَ إِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِينَ

[ترجمہ:] اِس قصے میں بڑی نشانیاں ہیں اور آزمائش تو ہم کر کے ہی رہتے ہیں

7a. At-Taubah (9) : 70

أَلَمْ يَأْتِهِمْ نَبَأُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوحٍ وَ عَادٍ وَ ثَمُودَ وَ قَوْمِ إِبْرَاهِيمَ وَ أَصْحَابِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكَاتِ ۚ أَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ ۖ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ

[ترجمہ:] کیا اِن لوگوں کو اپنے پیش روؤں کی تاریخ نہیں پہنچی ؟ نوحؑ کی قوم، عاد، ثمود، ابراہیمؑ کی قوم، مدین کے لوگ اور وہ بستیاں جنہیں الٹ دیا گیا، اُن کے رسول ان کے پاس کھلی کھلی نشانیاں لے کر آئے، پھر یہ اللہ کا کام نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا مگر وہ آپ ہی اپنے اوپر ظلم کرنے والے تھے

7b. Ibrahim (14) : 9+→ 12

Ibrahim (14) : 9

أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَأُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوحٍ وَ عَادٍ وَ ثَمُودَ ۛ وَالَّذِينَ مِنْ بَعْدِهِمْ ۛ لَا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا اللّٰهُ ۚ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ فَرَدُّوا أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ وَ قَالُوا إِنَّا كَفَرْنَا بِمَا أُرْسِلْتُمْ بِهِ وَ إِنَّا لَفِي شَكٍّ مِمَّا تَدْعُونَنَا إِلَيْهِ مُرِيبٍ

[ترجمہ:] کیا تمہیں اُن قوموں کے حالات نہیں پہنچے جو تم سے پہلے گزر چکی ہیں؟ قوم نوحؑ، عاد، ثمود اور اُن کے بعد آنے والی بہت سی قومیں جن کا شمار اللہ ہی کو معلوم ہے؟ اُن کے رسول جب اُن کے پاس صاف صاف باتیں اور کھلی کھلی نشانیاں لیے ہوئے آئے تو اُنہوں نے اپنے منہ میں ہاتھ دبا لیے اور کہا کہ "جس پیغام کے ساتھ تم بھیجے گئے ہو ہم اس کو نہیں مانتے اور جس چیز کی تم ہمیں دعوت دیتے ہو اُس کی طرف سے ہم سخت خلجان آمیز شک میں پڑے ہوئے ہیں"

Ibrahim (14) : 10

قَالَتْ رُسُلُهُمْ أَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَ الْأَرْضِ ۖ يَدْعُوكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَ يُؤَخِّرَكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى ۚ قَالُوا إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا تُرِيدُونَ أَنْ تَصُدُّونَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُنَا فَأْتُونَا بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ

[ترجمہ:] اُن کے رسولوں نے کہا "کیا خدا کے بارے میں شک ہے جو آسمانوں اور زمین کا خالق ہے؟ وہ تمہیں بلا رہا ہے تاکہ تمہارے قصور معاف کرے اور تم کو ایک مدت مقرر تک مہلت دے" اُنہوں نے جواب دیا "تم کچھ نہیں ہو مگر ویسے ہی انسان جیسے ہم ہیں تم ہمیں اُن ہستیوں کی بندگی سے روکنا چاہتے ہو جن کی بندگی باپ دادا سے ہوتی چلی آ رہی ہے اچھا تو لاؤ کوئی صریح سند"

Ibrahim (14) : 11

قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ إِنْ نَحْنُ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَمُنُّ عَلَىٰ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۖ وَ مَا كَانَ لَنَا أَنْ نَأْتِيَكُمْ بِسُلْطَانٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَ عَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ

[ترجمہ:] ان کے رسولوں نے ان سے کہا "واقعی ہم کچھ نہیں ہیں مگر تم ہی جیسے انسان لیکن اللہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے نوازتا ہے اور یہ ہمارے اختیار میں نہیں ہے کہ تمہیں کوئی سند لا دیں سند تو اللہ ہی کے اذن سے آسکتی ہے اور اللہ ہی پر اہل ایمان کو بھروسہ کرنا چاہیے

Ibrahim (14) : 12

وَ مَا لَنَا أَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللَّهِ وَ قَدْ هَدَانَا سُبُلَنَا ۚ وَ لَنَصْبِرَنَّ عَلَىٰ مَا آذَيْتُمُونَا ۚ وَ عَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ

[ترجمہ:] اور ہم کیوں نہ اللہ پر بھروسہ کریں جبکہ ہماری زندگی کی راہوں میں اس نے ہماری رہنمائی کی ہے؟ جو اذیتیں تم لوگ ہمیں دے رہے ہو اُن پر ہم صبر کریں گے اور بھروسہ کرنے والوں کا بھروسہ اللہ ہی پر ہونا چاہیے"

7c. As-Shuara (26) : 105+→ 227

As-Shuara (26) : 105

كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحٍ الْمُرْسَلِينَ

[ترجمہ:] قوم نوحؑ نے رسولوں کو جھٹلایا

As-Shuara (26) : 106

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ

[ترجمہ:] یاد کرو جبکہ ان کے بھائی نوحؑ نے ان سے کہا تھا "کیا تم ڈرتے نہیں ہو؟

As-Shuara (26) : 107

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ

[ترجمہ:] میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں

As-Shuara (26) : 108

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَ أَطِيعُونِ

[ترجمہ:] لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو

As-Shuara (26) : 109

وَ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] میں اس کام پر تم سے کسی اجر کا طالب نہیں ہوں میرا اجر تو رب العالمین کے ذمہ ہے

As-Shuara (26) : 110

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَ أَطِيعُونِ

[ترجمہ:] پس تم اللہ سے ڈرو اور (بے کھٹکے) میری اطاعت کرو"

As-Shuara (26) : 111

قَالُوا أَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْأَرْذَلُونَ

[ترجمہ:] انہوں نے جواب دیا "کیا ہم تجھے مان لیں حالانکہ تیری پیروی رذیل ترین لوگوں نے اختیار کی ہے؟"

As-Shuara (26) : 112

قَالَ وَ مَا عِلْمِي بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ

[ترجمہ:] نوحؑ نے کہا "میں کیا جانوں کہ ان کے عمل کیسے ہیں

As-Shuara (26) : 113

إِنْ حِسَابُهُمْ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّي ۖ لَوْ تَشْعُرُونَ

[ترجمہ:] ان کا حساب تو میرے رب کے ذمہ ہے، کاش تم کچھ شعور سے کام لو

As-Shuara (26) : 114

وَ مَا أَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] میرا یہ کام نہیں ہے کہ جو ایمان لائیں ان کو میں دھتکار دوں

As-Shuara (26) : 115

إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ

[ترجمہ:] میں تو بس ایک صاف صاف متنبہ کر دینے والا آدمی ہوں"

As-Shuara (26) : 116

قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَا نُوحُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمَرْجُومِينَ

[ترجمہ:] انہوں نے کہا "اے نوحؑ، اگر تو باز نہ آیا تو پھٹکارے ہوئے لوگوں میں شامل ہو کر رہے گا"

As-Shuara (26) : 117

قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِي كَذَّبُونِ

[ترجمہ:] نوحؑ نے دعا کی "اے میرے رب، میری قوم نے مجھے جھٹلا دیا

As-Shuara (26) : 118

فَافْتَحْ بَيْنِي وَ بَيْنَهُمْ فَتْحًا وَ نَجِّنِي وَ مَنْ مَعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] اب میرے اور ان کے درمیان دوٹوک فیصلہ کر دے اور مجھے اور جو مومن میرے ساتھ ہیں ان کو نجات دے"

As-Shuara (26) : 119

فَأَنْجَيْنَاهُ وَ مَنْ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ

[ترجمہ:] آخر کار ہم نے اس کو اور اس کے ساتھیوں کو ایک بھری ہوئی کشتی میں بچا لیا

As-Shuara (26) : 120

ثُمَّ أَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبَاقِينَ

[ترجمہ:] اور اس کے بعد باقی لوگوں کو غرق کر دیا

As-Shuara (26) : 121

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَ مَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] یقیناً اس میں ایک نشانی ہے، مگر ان میں سے اکثر لوگ ماننے والے نہیں

As-Shuara (26) : 122

وَ إِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ

[ترجمہ:] اور حقیقت یہ ہے کہ تیرا رب زبردست بھی ہے اور رحیم بھی

As-Shuara (26) : 123

كَذَّبَتْ عَادٌ الْمُرْسَلِينَ

[ترجمہ:] عاد نے رسولوں کو جھٹلایا

As-Shuara (26) : 124

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ هُودٌ أَلَا تَتَّقُونَ

[ترجمہ:] یاد کرو جبکہ ان کے بھائی ہودؑ نے ان سے کہا تھا "کیا تم ڈرتے نہیں ؟

As-Shuara (26) : 125

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ

[ترجمہ:] میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں

As-Shuara (26) : 126

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَ أَطِيعُونِ

[ترجمہ:] لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو

As-Shuara (26) : 127

وَ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] میں اس کام پر تم سے کسی اجر کا طالب نہیں ہوں میرا اجر تو رب العالمین کے ذمہ ہے

As-Shuara (26) : 128

أَتَبْنُونَ بِكُلِّ رِيعٍ آيَةً تَعْبَثُونَ

[ترجمہ:] یہ تمہارا کیا حال ہے کہ ہر اونچے مقام پر لاحاصل ایک یادگار عمارت بنا ڈالتے ہو

As-Shuara (26) : 129

وَ تَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ

[ترجمہ:] اور بڑے بڑے قصر تعمیر کرتے ہو گویا تمہیں ہمیشہ رہنا ہے

As-Shuara (26) : 130

وَ إِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ

[ترجمہ:] اور جب کسی پر ہاتھ ڈالتے ہو جبّار بن کر ڈالتے ہو

As-Shuara (26) : 131

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ أَطِيعُونِ

[ترجمہ:] پس تم لوگ اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو

As-Shuara (26) : 132

وَ اتَّقُوا الَّذِي أَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُونَ

[ترجمہ:] ڈرو اُس سے جس نے وہ کچھ تمہیں دیا ہے جو تم جانتے ہو

As-Shuara (26) : 133

أَمَدَّكُمْ بِأَنْعَامٍ وَبَنِينَ

[ترجمہ:] تمہیں جانور دیے، اولادیں دیں

As-Shuara (26) : 134

وَ جَنَّاتٍ وَ عُيُونٍ

[ترجمہ:] باغ دیے اور چشمے دیے

As-Shuara (26) : 135

إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ

[ترجمہ:] مجھے تمہارے حق میں ایک بڑے دن کے عذاب کا ڈر ہے"

As-Shuara (26) : 136

قَالُوا سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَوَعَظْتَ أَمْ لَمْ تَكُنْ مِنَ الْوَاعِظِينَ

[ترجمہ:] انہوں نے جواب دیا "تو نصیحت کر یا نہ کر، ہمارے لیے یکساں ہے

As-Shuara (26) : 137

إِنْ هَٰذَا إِلَّا خُلُقُ الْأَوَّلِينَ

[ترجمہ:] یہ باتیں تو یوں ہی ہوتی چلی آئی ہیں

As-Shuara (26) : 138

وَ مَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ

[ترجمہ:] اور ہم عذاب میں مبتلا ہونے والے نہیں ہیں"

As-Shuara (26) : 139

فَكَذَّبُوهُ فَأَهْلَكْنَاهُمْ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَ مَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] آخر کار انہوں نے اُسے جھٹلا دیا اور ہم نے ان کو ہلاک کر دیا، یقیناً اس میں ایک نشانی ہے، مگر ان میں سے اکثر لوگ ماننے والے نہیں ہیں

As-Shuara (26) : 140

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ

[ترجمہ:] اور حقیقت یہ ہے کہ تیرا رب زبردست بھی ہے اور رحیم بھی

As-Shuara (26) : 141

كَذَّبَتْ ثَمُودُ الْمُرْسَلِينَ

[ترجمہ:] ثمود نے رسولوں کو جھٹلایا

As-Shuara (26) : 142

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ صَالِحٌ أَلَا تَتَّقُونَ

[ترجمہ:] یاد کرو جبکہ ان کے بھائی صالحؑ نے ان سے کہا "کیا تم ڈرتے نہیں ؟

As-Shuara (26) : 143

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ

[ترجمہ:] میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں

As-Shuara (26) : 144

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَ أَطِيعُونِ

[ترجمہ:] لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو

As-Shuara (26) : 145

وَ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] میں اس کام پر تم سے کسی اجر کا طالب نہیں، میرا اجر تو رب العالمین کے ذمہ ہے

As-Shuara (26) : 146

أَتُتْرَكُونَ فِي مَا هَاهُنَا آمِنِينَ

[ترجمہ:] کیا تم اُن سب چیزوں کے درمیان، جو یہاں ہیں، بس یوں ہی اطمینان سے رہنے دیے جاؤ گے ؟

As-Shuara (26) : 147

فِي جَنَّاتٍ وَ عُيُونٍ

[ترجمہ:] اِن باغوں اور چشموں میں ؟

As-Shuara (26) : 148

وَ زُرُوعٍ وَ نَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيمٌ

[ترجمہ:] اِن کھیتوں اور نخلستانوں میں جن کے خوشے رس بھرے ہیں ؟

As-Shuara (26) : 149

وَ تَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَارِهِينَ

[ترجمہ:] تم پہاڑ کھود کھود کر فخر یہ اُن میں عمارتیں بناتے ہو

As-Shuara (26) : 150

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ أَطِيعُونِ

[ترجمہ:] اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو

As-Shuara (26) : 151

وَ لَا تُطِيعُوا أَمْرَ الْمُسْرِفِينَ

[ترجمہ:] اُن بے لگام لوگوں کی اطاعت نہ کرو

As-Shuara (26) : 152

الَّذِينَ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَ لَا يُصْلِحُونَ

[ترجمہ:] جو زمین میں فساد برپا کرتے ہیں اور کوئی اصلاح نہیں کرتے"

As-Shuara (26) : 153

قَالُوا إِنَّمَا أَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِينَ

[ترجمہ:] انہوں نے جواب دیا "تو محض ایک سحر زدہ آدمی ہے

As-Shuara (26) : 154

مَا أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا فَأْتِ بِآيَةٍ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ

[ترجمہ:] تو ہم جیسے ایک انسان کے سوا اور کیا ہے، لا کوئی نشانی اگر تو سچّا ہے"

As-Shuara (26) : 155

قَالَ هَٰذِهِ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَ لَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ

[ترجمہ:] صالحؑ نے کہا "یہ اونٹنی ہے ایک دن اس کے پینے کا ہے اور ایک دن تم سب کے پانی لینے کا

As-Shuara (26) : 156

وَ لَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيمٍ

[ترجمہ:] اس کو ہر گز نہ چھیڑنا ورنہ ایک بڑے دن کا عذاب تم کو آلے گا"

As-Shuara (26) : 157

فَعَقَرُوهَا فَأَصْبَحُوا نَادِمِينَ

[ترجمہ:] مگر انہوں نے اس کی کوچیں کاٹ دیں اور آخر کار پچھتاتے رہ گئے

As-Shuara (26) : 158

فَأَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَ مَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] عذاب نے انہیں آلیا یقیناً اس میں ایک نشانی ہے، مگر ان میں سے اکثر ماننے والے نہیں

As-Shuara (26) : 159

وَ إِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ

[ترجمہ:] اور حقیقت یہ ہے کہ تیرا رب زبردست بھی ہے اور رحیم بھی

As-Shuara (26) : 160

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ الْمُرْسَلِينَ

[ترجمہ:] لوطؑ کی قوم نے رسولوں کو جھٹلایا

As-Shuara (26) : 161

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ لُوطٌ أَلَا تَتَّقُونَ

[ترجمہ:] یاد کرو جبکہ ان کے بھائی لوطؑ نے ان سے کہا تھا "کیا تم ڈرتے نہیں ؟

As-Shuara (26) : 162

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ

[ترجمہ:] میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں

As-Shuara (26) : 163

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَ أَطِيعُونِ

[ترجمہ:] لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو

As-Shuara (26) : 164

وَ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] میں اس کام پر تم سے کسی اجر کا طالب نہیں ہوں، میرا اجر تو رب العالمین کے ذمہ ہے

As-Shuara (26) : 165

أَتَأْتُونَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] کیا تم دنیا کی مخلوق میں سے مردوں کے پاس جاتے ہو

As-Shuara (26) : 166

وَ تَذَرُونَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ عَادُونَ

[ترجمہ:] اور تمہاری بیویوں میں تمہارے رب نے تمہارے لیے جو کچھ پیدا کیا ہے، اسے چھوڑ دیتے ہو ؟ بلکہ تم لوگ تو حد سے ہی گزر گئے ہو"

As-Shuara (26) : 167

قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَا لُوطُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِينَ

[ترجمہ:] انہوں نے کہا "اے لوطؑ، "اگر تو اِن باتوں سے باز نہ آیا تو جو لوگ ہماری بستیوں سے نکالے گئے ہیں، اُن میں تو بھی شامل ہو کر رہے گا"

As-Shuara (26) : 168

قَالَ إِنِّي لِعَمَلِكُمْ مِنَ الْقَالِينَ

[ترجمہ:] اس نے کہا "تمہارے کرتوتوں پر جو لوگ کُڑھ رہے ہیں، میں اُن میں شامل ہوں

As-Shuara (26) : 169

رَبِّ نَجِّنِي وَ أَهْلِي مِمَّا يَعْمَلُونَ

[ترجمہ:] اے پروردگار، مجھے اور میرے اہل و عیال کو ان کی بد کرداریوں سے نجات دے"

As-Shuara (26) : 170

فَنَجَّيْنَاهُ وَ أَهْلَهُ أَجْمَعِينَ

[ترجمہ:] آخر کار ہم نے اسے اور اس کے سب اہل و عیال کو بچا لیا

As-Shuara (26) : 171

إِلَّا عَجُوزًا فِي الْغَابِرِينَ

[ترجمہ:] بجز ایک بڑھیا کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں تھی

As-Shuara (26) : 172

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْآخَرِينَ

[ترجمہ:] پھر باقی ماندہ لوگوں کو ہم نے تباہ کر دیا

As-Shuara (26) : 173

وَ أَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَطَرًا ۖ فَسَاءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِينَ

[ترجمہ:] اوران پر برسائی ایک برسات، بڑی ہی بُری بارش تھی جو اُن ڈرائے جانے والوں پر نازل ہوئی

As-Shuara (26) : 174

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَ مَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] یقیناً اس میں ایک نشانی ہے، مگر اِن میں سے اکثر ماننے والے نہیں

As-Shuara (26) : 175

وَ إِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ

[ترجمہ:] اور حقیقت یہ ہے کہ تیرا رب زبردست بھی ہے اور رحیم بھی

As-Shuara (26) : 176

كَذَّبَ أَصْحَابُ الْأَيْكَةِ الْمُرْسَلِينَ

[ترجمہ:] اصحاب الاَیکہ نے رسولوں کو جھٹلایا

As-Shuara (26) : 177

إِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ أَلَا تَتَّقُونَ

[ترجمہ:] یاد کرو جبکہ شعیبؑ نے ان سے کہا تھا "کیا تم ڈرتے نہیں؟

As-Shuara (26) : 178

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ

[ترجمہ:] میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں

As-Shuara (26) : 179

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ أَطِيعُونِ

[ترجمہ:] لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو

As-Shuara (26) : 180

وَ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] میں اس کام پر تم سے کسی اجر کا طالب نہیں ہوں میرا اجر تو رب العالمین کے ذمہ ہے

As-Shuara (26) : 181

أَوْفُوا الْكَيْلَ وَ لَا تَكُونُوا مِنَ الْمُخْسِرِينَ

[ترجمہ:] پیمانے ٹھیک بھرو اور کسی کو گھاٹا نہ دو

As-Shuara (26) : 182

وَ زِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ

[ترجمہ:] صحیح ترازو سے تولو

As-Shuara (26) : 183

وَ لَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَ لَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ

[ترجمہ:] اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو زمین میں فساد نہ پھیلاتے پھرو

As-Shuara (26) : 184

وَ اتَّقُوا الَّذِي خَلَقَكُمْ وَ الْجِبِلَّةَ الْأَوَّلِينَ

[ترجمہ:] اور اُس ذات کا خوف کرو جس نے تمہیں اور گزشتہ نسلوں کو پیدا کیا ہے"

As-Shuara (26) : 185

قَالُوا إِنَّمَا أَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِينَ

[ترجمہ:] انہوں نے کہا "تو محض ایک سحر زدہ آدمی ہے

As-Shuara (26) : 186

وَ مَا أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا وَ إِنْ نَظُنُّكَ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ

[ترجمہ:] اور تو کچھ نہیں مگر ایک انسان ہم ہی جیسا، اور ہم تو تجھے بالکل جھوٹا سمجھتے ہیں

As-Shuara (26) : 187

فَأَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِنَ السَّمَاءِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ

[ترجمہ:] اگر تو سچا ہے تو ہم پر آسمان کا کوئی ٹکڑا گرادے"

As-Shuara (26) : 188

قَالَ رَبِّي أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ

[ترجمہ:] شعیبؑ نے کہا "میرا رب جانتا ہے جو کچھ تم کر رہے ہو"

As-Shuara (26) : 189

فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۚ إِنَّهُ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ

[ترجمہ:] انہوں نے اسے جھٹلا دیا، آخر کار چھتری والے دن کا عذاب ان پر آ گیا، اور وہ بڑے ہی خوفناک دن کا عذاب تھا

As-Shuara (26) : 190

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَ مَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] یقیناً اس میں ایک نشانی ہے، مگر ان میں سے اکثر لوگ ماننے والے نہیں

As-Shuara (26) : 191

وَ إِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ

[ترجمہ:] اور حقیقت یہ ہے کہ تیرا رب زبردست بھی ہے اور رحیم بھی

As-Shuara (26) : 192

وَ إِنَّهُ لَتَنْزِيلُ رَبِّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] یہ رب العالمین کی نازل کردہ چیز ہے

- [= قرآن]

As-Shuara (26) : 193

نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِينُ

[ترجمہ:] اسے لے کر تیرے دل پر امانت دار روح اتری ہے

As-Shuara (26) : 194

عَلَىٰ قَلْبِكَ لِتَكُونَ مِنَ الْمُنْذِرِينَ

[ترجمہ:] تاکہ تو اُن لوگوں میں شامل ہو جو (خدا کی طرف سے خلق خدا کو) متنبّہ کرنے والے ہیں

As-Shuara (26) : 195

بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُبِينٍ

[ترجمہ:] صاف صاف عربی زبان میں

As-Shuara (26) : 196

وَ إِنَّهُ لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ

[ترجمہ:] اور اگلے لوگوں کی کتابوں میں بھی یہ موجود ہے

As-Shuara (26) : 197

أَوَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ آيَةً أَنْ يَعْلَمَهُ عُلَمَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ

[ترجمہ:] کیا اِن (اہلِ مکہ) کے لیے یہ کوئی نشانی نہیں ہے کہ اِسے علماء بنی اسرائیل جانتے ہیں؟

As-Shuara (26) : 198

وَ لَوْ نَزَّلْنَاهُ عَلَىٰ بَعْضِ الْأَعْجَمِينَ

[ترجمہ:] (لیکن اِن کی ہٹ دھرمی کا حال یہ ہے کہ) اگر ہم اسے کسی عجمی پر بھی نازل کر دیتے

As-Shuara (26) : 199

فَقَرَأَهُ عَلَيْهِمْ مَا كَانُوا بِهِ مُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] اور یہ (فصیح عربی کلام) وہ ان کو پڑھ کر سناتا، تب بھی یہ مان کر نہ دیتے

As-Shuara (26) : 200

كَذَٰلِكَ سَلَكْنَاهُ فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ

[ترجمہ:] اِسی طرح ہم نے اس (ذکر) کو مجرموں کے دلوں میں گزارا ہے

As-Shuara (26) : 201

لَا يُؤْمِنُونَ بِهِ حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ

[ترجمہ:] وہ اس پر ایمان نہیں لاتے جب تک عذاب الیم نہ دیکھ لیں

As-Shuara (26) : 202

فَيَأْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ

[ترجمہ:] پھر جب وہ بے خبری میں ان پر آپڑتا ہے

As-Shuara (26) : 203

فَيَقُولُوا هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُونَ

[ترجمہ:] اُس وقت وہ کہتے ہیں "کہ ''کیا اب ہمیں کچھ مُہلت مل سکتی ہے؟"

As-Shuara (26) : 204

أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ

[ترجمہ:] تو کیا یہ لوگ ہمارے عذاب کے لیے جلدی مچا رہے ہیں؟

As-Shuara (26) : 205

أَفَرَأَيْتَ إِنْ مَتَّعْنَاهُمْ سِنِينَ

[ترجمہ:] تم نے کچھ غور کیا، اگر ہم انہیں برسوں تک عیش کرنے کی مُہلت بھی دے دیں

As-Shuara (26) : 206

ثُمَّ جَاءَهُمْ مَا كَانُوا يُوعَدُونَ

[ترجمہ:] اور پھر وہی چیز ان پر آجائے جس سے انہیں ڈرایا جارہا ہے

As-Shuara (26) : 207

مَا أَغْنَىٰ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يُمَتَّعُونَ

[ترجمہ:] تو وہ سامانِ زیست جو ان کو ملا ہوا ہے اِن کے کس کام آئے گا؟

As-Shuara (26) : 208

وَ مَا أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ إِلَّا لَهَا مُنْذِرُونَ

[ترجمہ:] (دیکھو) ہم نے کبھی کسی بستی کو اِس کے بغیر ہلاک نہیں کیا کہ اُس کے لیے خبردار کرنے والے حق نصیحت ادا کرنے کو موجود تھے

As-Shuara (26) : 209

ذِكْرَىٰ وَمَا كُنَّا ظَالِمِينَ

[ترجمہ:] اور ہم ظالم نہ تھے

As-Shuara (26) : 210

وَ مَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيَاطِينُ

[ترجمہ:] اِس (کتاب مبین) کو شیاطین لے کر نہیں اترے ہیں

As-Shuara (26) : 211

وَ مَا يَنْبَغِي لَهُمْ وَ مَا يَسْتَطِيعُونَ

[ترجمہ:] نہ یہ کام ان کو سجتا ہے، اور نہ وہ ایسا کر ہی سکتے ہیں

As-Shuara (26) : 212

إِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُولُونَ

[ترجمہ:] وہ تو اس کی سماعت تک سے دُور رکھے گئے ہیں

As-Shuara (26) : 213

فَلَا تَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَتَكُونَ مِنَ الْمُعَذَّبِينَ

[ترجمہ:] پس اے محمدؐ، اللہ کے ساتھ کسی دُوسرے معبُود کو نہ پکارو، ورنہ تم بھی سزا پانے والوں میں شامل ہو جاؤ گے

As-Shuara (26) : 214

وَ أَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ

[ترجمہ:] اپنے قریب ترین رشتہ داروں کو ڈراؤ

As-Shuara (26) : 215

وَ اخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] اور ایمان لانے والوں میں سے جو لوگ تمہاری پیروی اختیار کریں، ان کے ساتھ تواضع سے پیش آؤ

As-Shuara (26) : 216

فَإِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ إِنِّي بَرِيءٌ مِمَّا تَعْمَلُونَ

[ترجمہ:] لیکن اگر وہ تمہاری نافرمانی کریں، تو ان سے کہو کہ جو کچھ تم کرتے ہو اس سے میں بری الذمہ ہوں

As-Shuara (26) : 217

وَ تَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ

[ترجمہ:] اور اُس زبردست اور رحیم پر توکل کرو

As-Shuara (26) : 218

الَّذِي يَرَاكَ حِينَ تَقُومُ

[ترجمہ:] جو تمہیں اس وقت دیکھ رہا ہوتا ہے جب تم اٹھتے ہو

As-Shuara (26) : 219

وَ تَقَلُّبَكَ فِي السَّاجِدِينَ

[ترجمہ:] اور سجدہ گزار لوگوں میں تمہاری نقل و حرکت پر نگاہ رکھتا ہے

As-Shuara (26) : 220

إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

[ترجمہ:] وہ سب کچھ سننے اور جاننے والا ہے

As-Shuara (26) : 221

هَلْ أُنَبِّئُكُمْ عَلَىٰ مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيَاطِينُ

[ترجمہ:] لوگو، کیا میں تمہیں بتاؤں کہ شیاطین کس پر اُترا کرتے ہیں؟

As-Shuara (26) : 222

تَنَزَّلُ عَلَىٰ كُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ

[ترجمہ:] وہ ہر جعل ساز بدکار پر اُترا کرتے ہیں

As-Shuara (26) : 223

يُلْقُونَ السَّمْعَ وَ أَكْثَرُهُمْ كَاذِبُونَ

[ترجمہ:] سُنی سُنائی باتیں کانوں میں پھونکتے ہیں، اور ان میں سے اکثر جھوٹے ہوتے ہیں

As-Shuara (26) : 224

وَ الشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُونَ

[ترجمہ:] رہے شعراء، تو ان کے پیچھے بہکے ہوئے لوگ چلا کرتے ہیں

As-Shuara (26) : 225

أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ

[ترجمہ:] کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ وہ ہر وادی میں بھٹکتے ہیں

As-Shuara (26) : 226

وَ أَنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ

[ترجمہ:] اور ایسی باتیں کہتے ہیں جو کرتے نہیں

◙ As-Shuara (26) : 227

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَ عَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَ ذَكَرُوا اللَّهَ كَثِيرًا وَ انْتَصَرُوا مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوا ۗ وَ سَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُونَ

[ترجمہ:] بجز اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے اور اللہ کو کثرت سے یاد کیا اور جب ان پر ظلم کیا گیا تو صرف بدلہ لے لیا، اور ظلم کرنے والوں کو عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ وہ کس انجام سے دوچار ہوتے ہیں

8. Why these stories?

8. Al-Hood (11) : 120

وَ كُلًّا نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَاءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ ۚ وَ جَاءَكَ فِي هَٰذِهِ الْحَقُّ وَ مَوْعِظَةٌ وَ ذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] اور اے محمدؐ، یہ پیغمبروں کے قصے جو ہم تمہیں سناتے ہیں، وہ چیزیں ہیں جن کے ذریعے سے ہم تمہارے دل کو مضبوط کرتے ہیں، ان کے اندر تم کو حقیقت کا علم ملا، اور ایمان لانے والوں کو نصیحت اور بیداری نصیب ہوئی

9. Al-Hood (11) : 25, 50, 61, 69, 77, 84, 96

- [Mentioning of Prophets:]

9-1. Al-Hood (11) : 25 → Nuh AS

وَ لَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُبِينٌ

[ترجمہ:] (اور ایسے ہی حالات تھے جب) ہم نے نوحؑ کو اُس کی قوم کی طرف بھیجا تھا (اُس نے کہا) "میں تم لوگوں کو صاف صاف خبردار کرتا ہوں

9-2. Al-Hood (11) : 50 → Hood AS

وَ إِلَىٰ عَادٍ أَخَاهُمْ هُودًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا مُفْتَرُونَ

[ترجمہ:] اور عاد کی طرف ہم نے ان کے بھائی ہودؑ کو بھیجا اُس نے کہا "اے برادران قوم، اللہ کی بندگی کرو، تمہارا کوئی خدا اُس کے سوا نہیں ہے تم نے محض جھوٹ گھڑ رکھے ہیں

9-3. Al-Hood (11) : 61 → Saleh AS

وَ إِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ هُوَ أَنْشَأَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيهَا فَاسْتَغْفِرُوهُ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ ۚ إِنَّ رَبِّي قَرِيبٌ مُجِيبٌ

[ترجمہ:] اور ثمود کی طرف ہم نے ان کے بھائی صالحؑ کو بھیجا اُس نے کہا "اے میری قوم کے لوگو، اللہ کی بندگی کرو، اُس کے سوا تمہارا کوئی خدا نہیں ہے وہی ہے جس نے تم کو زمین سے پیدا کیا ہے اور یہاں تم کو بسایا ہے لہٰذا تم اس سے معافی چاہو اور اس کی طرف پلٹ آؤ، یقیناً میرا رب قریب ہے اور وہ دعاؤں کا جواب دینے والا ہے"

9-4. Al-Hood (11) : 69 → Ibrahim AS

وَ لَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُنَا إِبْرَاهِيمَ بِالْبُشْرَىٰ قَالُوا سَلَامًا ۖ قَالَ سَلَامٌ ۖ فَمَا لَبِثَ أَنْ جَاءَ بِعِجْلٍ حَنِيذٍ

[ترجمہ:] اور دیکھو، ابراہیمؑ کے پاس ہمارے فرشتے خوشخبری لیے ہوئے پہنچے کہا تم پر سلام ہو، ابراہیمؑ نے جواب دیا تم پر بھی سلام ہو، پھر کچھ دیر نہ گزری کہ ابراہیمؑ ایک بھُنا ہوا بچھڑا (ان کی ضیافت کے لیے) لے آیا

9-5. Al-Hood (11) : 77 → Loot AS

وَ لَمَّا جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَ قَالَ هَٰذَا يَوْمٌ عَصِيبٌ

[ترجمہ:] اور جب ہمارے فرشتے لوطؑ کے پاس پہنچے تو اُن کی آمد سے وہ بہت گھبرایا اور دل تنگ ہوا اور کہنے لگا کہ آج بڑی مصیبت کا دن ہے

9-6. Al-Hood (11) : 84 → Shoaib AS

وَ إِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ وَ لَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَ الْمِيزَانَ ۚ إِنِّي أَرَاكُمْ بِخَيْرٍ وَإِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُحِيطٍ

[ترجمہ:] اور مدیَن والوں کی طرف ہم نے ان کے بھائی شعیبؑ کو بھیجا اُس نے کہا "اے میری قوم کے لوگو، اللہ کی بندگی کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی خدا نہیں ہے اور ناپ تول میں کمی نہ کیا کرو آج میں تم کو اچھے حال میں دیکھ رہا ہوں، مگر مجھے ڈر ہے کہ کل تم پر ایسا دن آئے گا جس کا عذاب سب کو گھیر لے گا

9-7. Al-Hood (11) : 96 → Musa AS

وَ لَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا وَ سُلْطَانٍ مُبِينٍ

[ترجمہ:] اور موسیٰؑ کو ہم نے اپنی نشانیوں اور کھلی کھلی سند ماموریت کے ساتھ فرعون اور اس کے اعیان سلطنت کی طرف بھیجا

10a. Al-Mominoon (23) : 30 + → 33

◙ Al-Mominoon (23) : 30

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ وَ إِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِينَ

[ترجمہ:] اِس قصے میں بڑی نشانیاں ہیں اور آزمائش تو ہم کر کے ہی رہتے ہیں

◙ Al-Mominoon (23) : 31

ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ

[ترجمہ:] اُن کے بعد ہم نے ایک دوسرے دَور کی قوم اٹھائی

◙ Al-Mominoon (23) : 32

فَأَرْسَلْنَا فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ أَفَلَا تَتَّقُونَ

[ترجمہ:] پھر اُن میں خود اُنہی کی قوم کا ایک رسول بھیجا (جس نے انہیں دعوت دی) کہ اللہ کی بندگی کرو، تمہارے لیے اُس کے سوا کوئی اور معبود نہیں ہے، کیا تم ڈرتے نہیں ہو؟

◙ Al-Mominoon (23) : 33

وَ قَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِينَ كَفَرُوا وَ كَذَّبُوا بِلِقَاءِ الْآخِرَةِ وَ أَتْرَفْنَاهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا مَا هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يَأْكُلُ مِمَّا تَأْكُلُونَ مِنْهُ وَ يَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُونَ

[ترجمہ:] اُس کی قوم کے جن سرداروں نے ماننے سے انکار کیا اور آخرت کی پیشی کو جھٹلایا، جن کو ہم نے دنیا کی زندگی میں آسودہ کر رکھا تھا، وہ کہنے لگے "یہ شخص کچھ نہیں ہے، مگر ایک بشر تم ہی جیسا، جو کچھ تم کھاتے ہو، وہی یہ کھاتا ہے اور جو کچھ تم پیتے ہو، وہی یہ پیتا ہے

10b. Al-Mominoon (23) : 34+→ 49

◙ Al-Mominoon (23) : 34

وَ لَئِنْ أَطَعْتُمْ بَشَرًا مِثْلَكُمْ إِنَّكُمْ إِذًا لَخَاسِرُونَ

[ترجمہ:] اب اگر تم نے اپنے ہی جیسے ایک بشر کی اطاعت قبول کر لی تو تم گھاٹے ہی میں رہے

◙ Al-Mominoon (23) : 35

أَيَعِدُكُمْ أَنَّكُمْ إِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَ عِظَامًا أَنَّكُمْ مُخْرَجُونَ

[ترجمہ:] یہ تمہیں اطلاع دیتا ہے کہ جب تم مر کر مٹی ہو جاؤ گے اور ہڈیوں کا پنجر بن کر رہ جاؤ گے، اُس وقت تم (قبروں سے) نکالے جاؤ گے؟

◙ Al-Mominoon (23) : 36

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوعَدُونَ

[ترجمہ:] بعید، بالکل بعید ہے، یہ وعدہ جو تم سے کیا جا رہا ہے

◙ Al-Mominoon (23) : 37

إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ

[ترجمہ:] زندگی کچھ نہیں ہے مگر بس یہی دنیا کی زندگی، یہیں ہم کو مرنا اور جینا ہے اور ہم ہر گز اٹھائے جانے والے نہیں ہیں

Al-Mominoon (23) : 38

إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا وَمَا نَحْنُ لَهُ بِمُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] یہ شخص خدا کے نام پر محض جھوٹ گھڑ رہا ہے، اور ہم کبھی اس کی ماننے والے نہیں ہیں"

Al-Mominoon (23) : 39

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ

[ترجمہ:] رسول نے کہا "پروردگار، اِن لوگوں نے جو میری تکذیب کی ہے، اس پر اب تو ہی میری نصرت فرما"

Al-Mominoon (23) : 40

قَالَ عَمَّا قَلِيلٍ لَيُصْبِحُنَّ نَادِمِينَ

[ترجمہ:] جواب میں ارشاد ہوا "قریب ہے وہ وقت جب یہ اپنے کیے پر پچھتائیں گے"

Al-Mominoon (23) : 41

فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنَاهُمْ غُثَاءً ۚ فَبُعْدًا لِلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ

[ترجمہ:] آخر کار ٹھیک ٹھیک حق کے مطابق ایک ہنگامہ عظیم نے ان کو آلیا اور ہم نے ان کو کچرا بنا کر پھینک دیا، دُور ہو ظالم قوم!

Al-Mominoon (23) : 42

ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قُرُونًا آخَرِينَ

[ترجمہ:] پھر ہم نے ان کے بعد دوسری قومیں اٹھائیں

Al-Mominoon (23) : 43

مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ

[ترجمہ:] کوئی قوم نہ اپنے وقت سے پہلے ختم ہوئی اور نہ اس کے بعد ٹھیر سکی

Al-Mominoon (23) : 44

ثُمَّ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَىٰ ۖ كُلَّ مَا جَاءَ أُمَّةً رَسُولُهَا كَذَّبُوهُ ۚ فَأَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَ جَعَلْنَاهُمْ أَحَادِيثَ ۚ فَبُعْدًا لِقَوْمٍ لَا يُؤْمِنُونَ

[ترجمہ:] پھر ہم نے پے در پے اپنے رسول بھیجے، جس قوم کے پاس بھی اس کا رسول آیا، اس نے اُسے جھٹلایا، اور ہم ایک کے بعد ایک قوم کو ہلاک کرتے چلے گئے حتیٰ کہ ان کو بس افسانہ ہی بنا کر چھوڑا، پھٹکار اُن لوگوں پر جو ایمان نہیں لاتے!

Al-Mominoon (23) : 45

ثُمَّ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ وَ أَخَاهُ هَارُونَ بِآيَاتِنَا وَ سُلْطَانٍ مُبِينٍ

[ترجمہ:] پھر ہم نے موسیٰؑ اور اس کے بھائی ہارونؑ کو اپنی نشانیوں اور کھلی سند کے ساتھ بھیجا

Al-Mominoon (23) : 46

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَ مَلَئِهِ فَاسْتَكْبَرُوا وَ كَانُوا قَوْمًا عَالِينَ

[ترجمہ:] فرعون اور اس کے اعیان سلطنت کی طرف مگر انہوں نے تکبر کیا اور بڑی دوں کی لی

Al-Mominoon (23) : 47

فَقَالُوا أَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَ قَوْمُهُمَا لَنَا عَابِدُونَ

[ترجمہ:] کہنے لگے "کیا ہم اپنے ہی جیسے دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں؟ اور آدمی بھی وہ جن کی قوم ہماری بندی ہے"

Al-Mominoon (23) : 48

فَكَذَّبُوهُمَا فَكَانُوا مِنَ الْمُهْلَكِينَ

[ترجمہ:] پس انہوں نے دونوں کو جھٹلا دیا اور ہلاک ہونے والوں میں جا ملے

◙ Al-Mominoon (23) : 49

وَ لَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ

[ترجمہ:] اور موسیٰؑ کو ہم نے کتاب عطا فرمائی تاکہ لوگ اس سے رہنمائی حاصل کریں

10c. Al-Qamar (54) : 41, 42

◙ Al-Qamar (54) : 41

وَ لَقَدْ جَاءَ آلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ

[ترجمہ:] اور آل فرعون کے پاس بھی تنبیہات آئی تھیں

◙ Al-Qamar (54) : 42

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كُلِّهَا فَأَخَذْنَاهُمْ أَخْذَ عَزِيزٍ مُقْتَدِرٍ

[ترجمہ:] مگر انہوں نے ہماری ساری نشانیوں کو جھٹلا دیا آخر کو ہم نے انہیں پکڑا جس طرح کوئی زبردست قدرت والا پکڑتا ہے

11. Conclusion (Summary of Stories)

11a. As-Shoora (42) : 13

شَرَعَ لَكُمْ مِنَ الدِّينِ مَا وَصَّىٰ بِهِ نُوحًا وَ الَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَ مَا وَصَّيْنَا بِهِ إِبْرَاهِيمَ وَ مُوسَىٰ وَ عِيسَىٰ ۖ أَنْ أَقِيمُوا الدِّينَ وَ لَا تَتَفَرَّقُوا فِيهِ ۚ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ مَا تَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ ۚ اللَّهُ يَجْتَبِي إِلَيْهِ مَنْ يَشَاءُ وَ يَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ يُنِيبُ

[ترجمہ:] اُس نے تمہارے لیے دین کا وہی طریقہ مقرر کیا ہے جس کا حکم اُس نے نوحؑ کو دیا تھا، اور جسے (اے محمدؐ) اب تمہاری طرف ہم نے وحی کے ذریعہ سے بھیجا ہے، اور جس کی ہدایت ہم ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو دے چکے ہیں، اِس تاکید کے ساتھ کہ قائم کرو اِس دین کو اور اُس میں متفرق نہ ہو جاؤ یہی بات اِن مشرکین کو سخت ناگوار ہوئی ہے، جس کی طرف اے محمدؐ تم انہیں دعوت دے رہے ہو اللہ جسے چاہتا ہے اپنا کر لیتا ہے، اور وہ اپنی طرف آنے کا راستہ اُسی کو دکھاتا ہے جو اُس کی طرف رجوع کرے

11b. Al-Hajj (22) : 67+→ 71

◙ Al-Hajj (22) : 67

لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ ۖ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ ۚ وَ ادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى مُسْتَقِيمٍ

[ترجمہ:] ہر امت کے لیے ہم نے ایک طریق عبادت مقرر کیا ہے جس کی وہ پیروی کرتی ہے، پس اے محمدؐ، وہ اِس معاملہ میں تم سے جھگڑا نہ کریں تم اپنے رب کی طرف دعوت دو، یقیناً تم سیدھے راستے پر ہو

◙ Al-Hajj (22) : 68

وَ إِنْ جَادَلُوكَ فَقُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ

[ترجمہ:] اور اگر وہ تم سے جھگڑیں تو کہہ دو کہ "جو کچھ تم کر رہے ہو اللہ کو خوب معلوم ہے

◙ Al-Hajj (22) : 69

اللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ

[ترجمہ:] اللہ قیامت کے روز تمہارے درمیان ان سب باتوں کا فیصلہ کر دے گا جن میں تم اختلاف کرتے رہے ہو"

◙ Al-Hajj (22) : 70

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاءِ وَ الْأَرْضِ ۗ إِنَّ ذَٰلِكَ فِي كِتَابٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ

[ترجمہ:] کیا تم نہیں جانتے کہ آسمان و زمین کی ہر چیز اللہ کے علم میں ہے؟ سب کچھ ایک کتاب میں درج ہے، اللہ کے لیے یہ کچھ بھی مشکل نہیں ہے

◙ Al-Hajj (22) : 71

وَ يَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطَانًا وَ مَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَ مَا لِلظّٰلِمِينَ مِنْ نَصِيرٍ

[ترجمہ:] یہ لوگ اللہ کو چھوڑ کر ان کی عبادت کر رہے ہیں جن کے لیے نہ تو اس نے کوئی سند نازل کی ہے اور نہ یہ خود اُن کے بارے میں کوئی علم رکھتے ہیں اِن ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہیں ہے

CREDITS:

Current Maintainer:
Engr. Khurram Mahmood (makhmct “AT” hotmail “DOT” com)

Previous Maintainer:
N/A

Contributors / Support:
Sir Nasir Mughal
Sister Anam
Sir Abdul Ghaffar
Khalid Mehmood
Sir Shah Zaman
Sister Maryam
AMCC Volunteers

[NOTE:]

1. Please FEEDBACK to us for any corrections or weakness or suggestions or feedback so we can improve to deliver our Course! It shall be very kind of you, please feel free to let us know!

LICENSE:

Compiled by: **Engr. Khurram Mahmood**

Revision: **4**, History: **4,** Sub-Rev.: **Public_Edition Point-Release-1.3**

First Edit: **2020-03-01**

Last Edit: **2022-05-07**

Released under: **CC BY-SA 4.0**
(You can copy paste, but refer to the Original Author: As-Sheikh M. Ameen Sb)